رجسٹرڈ ڈی سی نمبر 12 — قیمت 10 روپے
MEMBER OF APNS
کوئٹہ، اسلام آباد اور حب سے بیک وقت شائع ہونے والا — بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ — A.B.C Certified
DAILY AWAM QUETTA
روزنامہ عوام کوئٹہ
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 38 | جمعہ | 18 جمادی الاول | 1448ھ | 30 اکتوبر 2026ء | فون 2832244-2829384 فیکس 2832255 | شمارہ 108

اپوزیشن کو فعال کردار کی ذمے داری اٹھانا پڑے گی

حکومت کا احتساب ضروری ہے، اس کے لیے پارلیمان کو مضبوط ہونا چاہیے، بلاول بھٹو

پاکستان کو مشکلات کا سامنا ہے، وزیرِ داخلہ آئیں، ہاؤس کو بریف کریں، اپوزیشن سے درخواست کرتے ہیں کہ آپ کے پاس جو طاقت ہے آپ اسے استعمال کرنا شروع کریں، پارلیمان طاقت ور ہے تو ہم سب طاقت ور ہیں

پی ٹی آئی بھی آئینی مشاورت کے عمل کا حصہ تھی، آپ نے فنانس کمیٹی میں نہیں بیٹھنا، اس سے پارلیمان کے کردار میں کمزوری ہوئی، پاکستان پیپلز پارٹی کبھی بھی صوبوں سے کوئی حق واپس لینے کی حمایت نہیں کرے گی، اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان کو مشکلات کا سامنا ہے، وزیرِ داخلہ آئیں اور اس ہاؤس کو بریف کریں، اپوزیشن سے درخواست کرتے ہیں کہ آپ کے پاس جو طاقت ہے آپ اسے استعمال کرنا شروع کریں، اپوزیشن (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

انگور اڈہ واقعہ پر افغان طالبان کا بیانیہ جھوٹا قرار

اسلام آباد (این این آئی) وزارت اطلاعات و (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

وزیرِ اعظم نے لاہور اور کراچی ایئر پورٹس کی ماسٹر پلانز کے تحت توسیع کی منظوری دیدی

شہباز شریف کی ایئر پورٹس پر بین الاقوامی معیار کو مد نظر رکھ کر سہولیات مزید بہتر بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیرِ اعظم شہباز شریف نے لاہور اور کراچی ایئر پورٹس کی ماسٹر پلانز کے تحت توسیع کی منظوری دے دی جبکہ وزیرِ اعظم شہباز شریف نے ایئر پورٹس (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وزیرِ اعظم شہباز شریف ہوائی اڈوں پر سہولیات کی بہتری کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان کے گرین بیلٹ میں تعمیر و ترقی کا فروغ حکومت کے وژن کا اہم حصہ ہے، سلیم کھوسہ

پاکستان میں ہزاروں جعلی ویڈیوز زیرِ گردش، سائبر حملوں کا خطرہ مسلسل موجود ہے، چیئرمین پی ٹی اے میجر جنرل (ر) حفیظ الرحمان

آگاہی اور تربیت پر زور، جعلی خبروں کے پھیلاؤ کی روک تھام کے لیے مؤثر ریگولیٹری فریم ورک ضروری ہے، وفاقی وزیرِ اطلاعات

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ تیزی سے بدلتی ہوئی ٹیکنالوجی اور سوشل میڈیا کے بڑھتے ہوئے استعمال کے پیش نظر پاکستان میں مؤثر ریگولیٹری فریم ورک، جامع پالیسی اور ڈیجیٹل تعلیم کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

وزیرِ اعظم کا بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

وطنِ عزیز سے دہشت گردی کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، شہباز شریف کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

پاکستان چائنا فرینڈ شپ ہسپتال میں مفت علاج کی راہ ہموار

وزیرِ اعظم کا تمام اخراجات سرکاری خزانے سے ادا کرنے کا اعلان

کورونا کے بعد بند ہونے والا پاک چین دوستی کا تحفہ دوبارہ فعال، ملک بھر کے مریضوں کو مفت طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی

صحت عامہ کے شعبے میں پاک چین تعاون کی نئی مثال، وزیرِ اعظم نے ہسپتال کا نام مستقل برقرار رکھنے کا اعلان کر دیا

اسلام آباد (آن لائن) وزیرِ اعظم شہباز شریف نے پاکستان چائنا فرینڈ شپ ہسپتال کو عوام کے لیے طبی سہولیات کا اہم مرکز بنانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ ادارے کے تمام اخراجات حکومت پاکستان برداشت کرے گی اور مریضوں کو مفت علاج فراہم کیا جائے گا۔ اس سہولت سے نہ صرف اسلام آباد بلکہ ملک کے دیگر حصوں سے آنے والے مریض بھی فائدہ اٹھا سکیں گے۔ ہسپتال کی (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وفاقی وزیرِ خزانہ محمد اورنگزیب سعودی سفیر سے ملاقات کر رہے ہیں

گزشتہ چالیس برس کی سیاست میں آپ نے کن کن مراعات سے فائدہ اٹھایا؟

پی ٹی آئی کے سیاسی طور پر یتیم ہو چکے، مولانا نے اپنے سائے تلے پناہ لی ہے، خواجہ آصف

تہران میں کوئی دفاعی معاہدہ نہیں ہو رہا تھا اس لیے وہاں میری موجودگی ضروری نہیں تھی، فیلڈ مارشل صلح کے پیامبر بن کر تہران پہنچے، ایک جنگ رکوائی ہے، یمن کا تنازع بگڑ سکتا تھا، فیلڈ مارشل کا کردار امن کی کوششوں کو آگے بڑھانا ہے، وزیرِ دفاع

آنے والے دنوں میں مشرق وسطیٰ میں مثبت نتائج سامنے آئیں گے، مولانا نے افغانستان کا دورہ کیوں کیا؟ اور وہاں جانے کی آفر کیوں کی؟ کیا آپ وہ وزیرِ خارجہ تھے؟ اس دورہ کا مقصد اپنی سیاست کو آگے بڑھانا تھا، اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیرِ دفاع خواجہ آصف نے سربراہ جے یو آئی (ف) مولانا فضل الرحمان کی تنقید کا جواب دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ تہران میں کوئی دفاعی معاہدہ نہیں ہو رہا تھا اس لیے وہاں میری موجودگی ضروری نہیں تھی، فیلڈ مارشل صلح کے پیامبر بن کر تہران پہنچے، ایک جنگ رکوائی ہے، یمن کا تنازع بگڑ سکتا تھا، فیلڈ مارشل کا کردار امن کی کوششوں کو آگے بڑھانا ہے، آنے والے دنوں میں مشرق وسطیٰ میں مثبت نتائج سامنے آئیں گے، مولانا نے افغانستان کا دورہ کیوں کیا؟ اور وہاں جانے کی آفر کیوں کی؟ کیا آپ وہ وزیرِ خارجہ تھے؟ اس دورہ کا مقصد اپنی سیاست کو آگے بڑھانا تھا، مولانا فضل الرحمان کی پوری سیاسی تاریخ تضادات سے بھری پڑی ہے، کشمیر کاز کیلئے منصب سے مراعات حاصل کرنے اور مفت کی سواری سے لطف اندوز ہونے کے علاوہ مولانا فضل الرحمان کی کیا خدمات ہیں؟۔ جمعرات کو قومی اسمبلی میں جے یو آئی (ف) کے قائد مولانا فضل الرحمان کے نکات کا جواب دیتے ہوئے وزیرِ دفاع نے کہا کہ تہران میں ہونے والی بات چیت کسی دفاعی معاہدے کے حوالے سے نہیں تھی اور نہ ہی وہاں پاکستان کے دفاع یا اس سے متعلق کسی دوسرے موضوع پر کوئی باقاعدہ بات چیت ہو رہی تھی، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے گزشتہ سوا سال (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار کی زیرِ صدارت فاضل چینی کی برآمد سے متعلق کابینہ کمیٹی کا اجلاس

چینی کی برآمد کیلئے پالیسی رہنما اصولوں کو حتمی شکل دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیرِ اعظم و وزیرِ خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار زیرِ صدارت فاضل چینی کی برآمد سے متعلق کابینہ کمیٹی کے اجلاس میں چینی کی برآمد کیلئے پالیسی رہنما اصولوں کو حتمی شکل دی گئی۔ نائب وزیرِ اعظم و وزیرِ خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیرِ صدارت فاضل چینی کی برآمد سے متعلق کابینہ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں چینی کی برآمد کے لیے پالیسی رہنما (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

وزیرِ خزانہ اور سعودی سفیر کی ملاقات، اقتصادی تعاون، سرمایہ کاری اور دو طرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال

دونوں جانب سے مشترکہ اقتصادی ترجیحات کو آگے بڑھانے کے لیے مسلسل رابطے اور تعاون کی اہمیت پر زور دیا گیا

ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے مستحکم اور قابلِ پیش گوئی سرمایہ کاری ماحول برقرار رکھنے کے حکومتی عزم کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرِ خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب سے مملکتِ سعودی عرب کے سفیر ڈاکٹر نواف بن سعید المالکی نے خیر سگالی ملاقات کی جس میں دو طرفہ اقتصادی تعاون، تجارت، سرمایہ کاری اور مشترکہ ترجیحات سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیرِ خزانہ نے سعودی سفیر کا خیر مقدم کرتے ہوئے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دیرینہ دوستی اور برادرانہ تعلقات کا اعادہ کیا۔ انہوں (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور چین کے درمیان زرعی مصنوعات کیلئے گرین چینل فعال کرنے کے معاہدے پر دستخط

گرین چینل سے تجارت کے انتظام میں بہتری اور تجارتی سہولت کاری کو فروغ ملے گا، پاکستان کسٹمز

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور چین کے درمیان زرعی مصنوعات کیلئے گرین چینل فعال کرنے کے معاہدے پر دستخط ہو گئے۔ ایف بی آر ہیڈکوارٹرز میں پاکستان اور چین کی کسٹمز انتظامیہ کے درمیان دستخط کی تقریب ہوئی۔ اس سلسلے میں پاکستان کسٹمز نے کہا (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

غیر سیاسی خواتین کو قید کرنا ہماری روایات نہیں، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ غیر سیاسی خواتین کو قید کرنا ہماری روایات نہیں، خواتین کی گرفتاری سے تلخی اور تناؤ بڑھ رہا ہے۔ پارلیمنٹ (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

عمران خان کی ہمشیرہ نورین نیازی کی طبیعت خراب، جیل سے ہسپتال منتقل

لاہور (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہمشیرہ نورین نیازی کی طبیعت خراب ہونے پر انہیں کوٹ لکھپت جیل سے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ سوشل میڈیا پر جاری بیان (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

دہشتگردوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں مذموم عزائم ناکام بنانے کیلئے ناگزیر ہیں، وزیرِ اعلیٰ بلوچستان

میناز، بولیدہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران فتنہ الہندوستان کے ایک دہشت گرد کو ہلاک کرنا سیکیورٹی فورسز کی اہم کامیابی ہے، میر سرفراز بگٹی

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں امن دشمن عناصر کے عزائم کی راہ میں مؤثر رکاوٹ ہیں، وزیرِ اعلیٰ کا اطمینان کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) وزیرِ اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع کیچ کے علاقے میناز، بولیدہ میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں امن دشمن عناصر کے مذموم عزائم ناکام بنانے کے لیے ناگزیر ہیں۔ وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ میناز، بولیدہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران فتنہ الہندوستان کے ایک دہشت گرد کو ہلاک کرنا سیکیورٹی فورسز کی اہم کامیابی ہے۔ دو خواتین کو اپنے ہمراہ لے جانے والے دہشت گردوں کے (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

بقیہ 1

کو فعال کردار کی ذمے داری اٹھانا پڑے گی، آپ نے فنانس کمیٹی میں نہیں بیٹھنا، اس سے پارلیمان کے کردار میں کمزوری ہوئی، پارلیمان طاقت ور ہے تو ہم سب طاقت ور ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی کبھی بھی صوبوں سے کوئی حق واپس لینے کی حمایت نہیں کرے گی۔ جمعرات کو پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے قومی اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے ملک میں حالیہ دہشت گرد حملوں کی سخت الفاظ میں مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ چاہے کوئی حکومتی بنچوں پر بیٹھا ہو یا اپوزیشن بنچوں پر، پورے ایوان اور قوم کو سیاسی اختلافات بالائے طاق رکھتے ہوئے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کے خلاف متحد ہونا ہوگا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پاکستان کی فوج، سیاستدانوں، سول سوسائٹی اور عوام نے ماضی میں بھی دہشت گردوں کو شکست دی ہے اور وہ کارنامہ انجام دیا جو پوری دنیا، بشمول نیٹو فورسز، افغانستان میں نہ کر سکی۔ انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ پاکستان ایک بار پھر دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سرخرو ہوگا۔ چیئرمین بلاول نے کہا کہ ان کی اور پوری پیپلز پارٹی کی کوشش ہمیشہ قانون سازی کے عمل میں اتفاق رائے پیدا کرنے پر مرکوز رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 1973 کا آئین اور 18ویں ترمیم اتفاق رائے سے منظور ہوئے تھے اور اسی جذبے کا اظہار 26ویں ترمیم کی منظوری کے دوران بھی کیا گیا، جو طویل اور انتھک کوششوں کے بعد ممکن ہوئی۔ انہوں نے یاد دلایا کہ پیپلز پارٹی نے مولانا فضل الرحمان سے رابطہ کیا تھا، جنہوں نے آگے چل کر پی ٹی آئی اور ایس آئی سی کو اس عمل میں شامل کیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان ہی نہیں بلکہ پی ٹی آئی بھی آئینی مشاورت کے عمل کا حصہ تھی چاہے انہوں نے ووٹ نہ دیا ہو۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان نے پی ٹی آئی کی رضامندی سے 26ویں ترمیم کے حق میں ووٹ دیا تھا۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ 27ویں ترمیم دراصل چارٹر آف ڈیموکریسی میں کیے گئے وعدوں کی تکمیل کی ایک کوشش ہے، جس میں ایک آئینی عدالت کے قیام کا وعدہ بھی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت پر پاکستان کی تاریخی فتح کے بعد یہ ترمیم آرٹیکل 243 کے تحت فیلڈ مارشل کے عہدے کو آئینی تحفظ دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دفاعی اداروں سے متعلق آئین میں کچھ تبدیلیاں کی جا رہی ہیں، کسی بھی قانون یا ترمیم کی اصل طاقت اس اکثریت میں نہیں ہوتی جو اسے منظور کرتی ہے بلکہ اس سیاسی اتفاق رائے میں ہوتی ہے جو اس کے پیچھے کارفرما ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 1973 کا آئین آج بھی پاکستان کا غیر متنازع اور متفقہ آئین ہے کیونکہ اسے قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو کی قیادت میں تمام سیاسی جماعتوں نے منظور کیا تھا، اس اتفاق رائے کو کوئی آمر یا جابر سیاست دان ختم نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ جب پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) نے ایک آمر کو شکست دے کر حکومت سنبھالی تو انہوں نے 18ویں ترمیم منظور کی، ایک ایسی تاریخی دستاویز جس نے بنیادی جمہوری اصلاحات متعارف کرائیں اور صوبائی خودمختاری کو یقینی بنایا۔ انہوں نے کہا کہ 18ویں ترمیم کو ختم نہیں کیا جا سکتا کیونکہ وہ وسیع سیاسی اتفاق رائے کی بنیاد پر قائم ہوئی تھی، اس پر صرف پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ کے نہیں بلکہ تمام سیاسی جماعتوں کے دستخط ہیں۔

بقیہ 2

کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ جمعرات کو پی ایم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے ضلع پنجگور میں ایک دہشت گرد کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی اور معصوم خواتین کو یرغمال بنانے کی بزدلانہ کوشش ناکام بنانے اور ان کی حفاظت یقینی بنانے پر سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ وطن عزیز سے دہشت گردی کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 3

ہے۔ جعلی خبروں اور سائبر حملوں سے نمٹنے کے لیے اسکولوں، کالجوں اور جامعات میں ڈیجیٹل آگاہی کو نصاب کا حصہ بنایا جائے اور بچوں کو سائبر خطرات سے محفوظ رہنے کی تربیت دی جائے۔ سائبر سیکیورٹی آگاہی ویک سیمینار کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ٹیکنالوجی تیزی سے تبدیل ہو رہی ہے، اس لیے سائبر سیکیورٹی اور سوشل میڈیا سے متعلق آگاہی کے لیے مسلسل اقدامات کرنا ہوں گے۔

بقیہ 4

پر بین الاقوامی معیار کو مدنظر رکھ کر سہولیات مزید بہتر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی ایئرپورٹس پر مسافروں کی سہولت اولین ترجیح بنائی جائے، ہوائی اڈوں پر مسافروں کیلئے بہترین کیٹررز کی خدمات لی جائیں اور کھانے پینے کے معیار پر کوئی سمجھوتا نہیں ہو گا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ملک کے بڑے شہروں میں ہوائی اڈوں کی توسیع اور ہوائی اڈوں پر مسافروں کو بہترین سفری سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے اجلاس آج اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس کو بڑے ایئرپورٹس پر سفری سہولیات کے معیار کو جانچنے کے حوالے سے حال ہی میں بین الاقوامی فرم کے ذریعے عمل کیے گئے سروے کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ جاری اعلامیہ کے مطابق اجلاس میں وزیراعظم نے لاہور اور کراچی ایئرپورٹس کی ماسٹر پلانز کے تحت توسیع کی منظوری دے دی۔

بقیہ 5

نشریات نے انگور اڈہ واقعے پر افغان طالبان رجیم کے بیان کو جھوٹا اور من گھڑت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ انگور اڈہ واقعے پر افغان طالبان کا جھوٹا بیانیہ ان کے فریب پر مبنی طرزِ عمل کا عکاس ہے۔ وزارت اطلاعات و نشریات کے مطابق افغان طالبان فورسز نے پاکستانی حدود میں شہریوں پر بلااشتعال فائرنگ، مارٹر گولہ برسائے، طالبان رجیم کی بلااشتعال فائرنگ بھارتی ہدایات اور پراکسی عناصر کے طے کردہ طریقہ کار کا تسلسل ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کی سیکیورٹی فورسز نے افغان طالبان جارحیت کا فوری اور بھرپور جواب دیا، طالبان کی 7 پوسٹیں تباہ کیں اور افغان طالبان کو بھاری جانی و مالی نقصان کا بھی سامنا کرنا پڑا۔ وزارت اطلاعات ونشریات کا کہنا ہے کہ غیر نمائندہ طالبان رجیم اپنے عوام کو گمراہ کرنے کے لیے جھوٹ کا سہارا لے رہی ہے۔

بقیہ 6

افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ عوام کو علاج معالجے کی سہولت فراہم کرنا ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے اور اس مقصد کے لیے دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں استعمال کرنا ضروری ہے۔

بقیہ 7

اصولوں کو حتمی شکل دی گئی۔ ترجمان دفتر خارجہ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق کمیٹی نے آئندہ کرشنگ سیزن تک چینی کے حتمی ذخائر کی صورتحال کا جامع جائزہ لیا۔ اس جائزے کا مقصد فاضل چینی کی مجموعی مقدار کا درست اندازہ لگانا تھا جبکہ اس بات کو بھی یقینی بنانا تھا کہ ملک بھر میں مقامی استعمال کے لیے چینی کے وافر ذخائر دستیاب رہیں۔ نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ نے مقامی صارفین کے تحفظ کے حوالے سے وزیراعظم کی ہدایات پر زور دیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ چینی کی برآمدات میں سہولت فراہم کرنے کا مقصد مقامی کسانوں کی معاونت، چینی کی صنعت کو مضبوط بنانا اور زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ کرنا ہے تاہم ملکی منڈیوں میں قیمتوں کا استحکام برقرار رکھنا اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ چینی کی برآمد کے عمل کے دوران سپلائی چین کو ہموار رکھنے اور مارکیٹ میں کسی بھی قسم کے بگاڑ کو روکنے کے لیے مؤثر نگرانی کا نظام نافذ کیا جائے۔ اجلاس میں وزیر برائے قومی غذائی تحفظ وتحقیق و موسمیاتی تبدیلی، وزیر اعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ، سیکرٹری تجارت، پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن (پی ایس ایم اے) اور ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان (ٹی سی پی) کے نمائندوں سمیت متعلقہ وزارتوں کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 8

کے دوران ہونے والی جنگ اور اس میں پاکستان کی کامیابی کے بعد ملک کے لیے جو کردار ادا کیا اور بات چیت کے ذریعے مسائل حل کرنے کی جو کوشش کی اس کے تناظر میں یہ پیش رفت اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان جبکہ قطر، ترکیہ، پاکستان اور انڈونیشیا کے درمیان دو معاہدے ہوئے ہیں، وزیر دفاع کی حیثیت سے ان دونوں دفاعی معاہدوں کے حوالے سے میں موجود تھا، تہران میں جو کچھ ہو رہا تھا وہ وزارت دفاع کے حوالے سے کوئی باقاعدہ سرگرمی نہیں تھی، وہاں ایک ذریعے کے ذریعے پیغام پہنچایا گیا اور اس طرح بات چیت کے لیے زمین ہموار ہوئی، اس کے بعد سعودی عرب اور ترکیہ کے نمائندے بھی وہاں پہنچے، ترکیہ کی جانب سے انٹیلی جنس چیف موجود تھے، وزیر دفاع وہاں نہیں آئے تھے اس لئے میری موجودگی ضروری نہیں تھی۔

بقیہ 9

کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نورین بی بی کی طبیعت خراب ہونے پر تشویش ہے، ان کو فی الفور رہا کیا جائے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی دیگر دونوں بہنوں کو بھی رہا کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ لانگ مارچ کرنا کوئی جرم نہیں، پی ٹی آئی پارلیمانی پارٹی کو سنجیدہ مشاورت کی ضرورت ہے۔

بقیہ 10

نے پاکستان کے لیے سعودی عرب کی مسلسل معاونت کو سراہا اور دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ سعودی سفیر نے دونوں ممالک کے درمیان تاریخی تعلقات کو اجاگر کیا، جن کی بنیاد مشترکہ مذہب، تاریخ، باہمی اعتماد اور احترام پر قائم ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری اداروں کے درمیان مضبوط روابط عوامی سطح پر تعلقات کو مزید گہرا کرنے اور دونوں ممالک کے لیے باہمی مفاد کے اقتصادی مواقع پیدا کرنے میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔

بقیہ 11

میں نورین نیازی کے وکیل رانا مدثر عمر نے بتایا کہ نورین نیازی کی جیل میں طبیعت خراب ہونے پر انہیں پنجاب کارڈیالوجی منتقل کر دیا گیا ہے۔ نورین نیازی کے وکیل نے ان کی صحت کے لیے دعاؤں کی بھی درخواست کی۔ انہوں نے کہا کہ 70 سالہ نورین نیازی غیر قانونی نظر بند ہیں اور ان کی اسپتال منتقلی پر خاندان کے کسی فرد کو اطلاع نہیں دی گئی۔

بقیہ 12

خلاف بروقت کارروائی سیکیورٹی فورسز کی مستعدی، پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور مؤثر حکمت عملی کا مظہر ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی فورسز کی خدمات قابل تحسین ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں امن دشمن عناصر کے عزائم کی راہ میں مؤثر رکاوٹ ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے واضح کیا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں پوری قوت سے جاری رکھی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام تک ریاست کا عزم غیر متزلزل رہے گا۔

بقیہ 13

حصہ نہ ملے تو ریاست پر تھوکنا مناسب نہیں، اس پر کامران مرتضیٰ نے جواباً کہا کہ زبان سنبھال کر استعمال کریں۔ دوران اجلاس مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر عابد شیر علی بھی غصے میں آگئے اور کامران مرتضیٰ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ کو شرم آنی چاہیے، ماں کو گالیاں دیتے ہیں۔ اس موقع پر عابد شیر علی اور جے یو آئی (ف) کے سینیٹر کامران مرتضیٰ کے درمیان بھی تلخ جملوں کا تبادلہ ہوا، صورت حال کو قابو میں رکھنے کیلئے وزیر مملکت طلال چوہدری نے عابد شیر علی کو بٹھا دیا۔ محسن نقوی نے احتجاج کرنے والے ارکان سے کہا کہ اب ہمت کریں اور جواب سنیں

بقیہ 14

انسداد دہشت گردی عدالت میں ملزمان کی ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواستوں پر سماعت ہوئی، انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کی۔ بشریٰ بی بی کی ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواستیں خارج کر دی گئیں جنید اکبر، لطیف کھوسہ، نعیم حیدر پنجوتھا کی ضمانت بھی خارج کی گئیں۔ اس کے علاوہ اسد قیصر، علی زمان، ایمان وسیم، عاطف خان، فضل محمد کی ضمانت کی درخواستیں بھی خارج کی گئیں، پی ٹی آئی راہنماؤں کی 2 5 0 ضمانت کی درخواستوں پر سماعت تھی، عدالت نے پیش ہونے والے ملزمان کی ضمانتوں میں 11 فروری تک توسیع کر دی۔

بقیہ 15

عمران خان اور ان کی جماعت سے امید نہیں تھی کہ وہ اتنی جلدی نئے صوبوں کی حمایت کا اعلان کر دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کی اپنی ایک تاریخ اور شناخت ہے، اسے دیگر صوبوں کے ساتھ ملا کر نہیں دیکھا جا سکتا، سندھ کے عوام اور سندھ اسمبلی نئے صوبوں کے قیام کی تجویز پر اپنا فیصلہ سنا چکے ہیں اور اسے مسترد کر چکے ہیں، صوبوں کے نام تبدیل کرنا ملک کے لیے فائدہ مند نہیں ہے۔ منظور وسان کا کہنا تھا کہ خیبرپختونخوا میں گورنر پیپلز پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں تاہم گورنر راج نافذ کرنے کا فیصلہ وزیراعظم شہباز شریف نے کیا۔ سابق وزیر نے پیشگوئی کی کہ موجودہ سیاسی صورتحال میں انہیں بانی پی ٹی آئی عمران خان کے لیے اچھے دن نظر نہیں آ رہے جب کہ جے یو آئی کی احتجاجی تحریک بھی نظر نہیں آ رہی، اگر جے یو آئی کو احتجاج کرنا ہوتا تو اب تک کر چکی ہوتی۔

بقیہ 16

اور امدادی کارروائیاں شروع کر دیں۔ زخمیوں کو فوری طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کیا گیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق ایک حاملہ خاتون ایمبولینس کے اندر موجود تھی جبکہ عملہ آکسیجن سلنڈر لگا رہا تھا۔ اسی دوران سلنڈر میں دھماکے سے آگ لگی۔ پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں پی پی ایچ آئی کا ڈسپنسر، ایمبولینس ڈرائیور، ایک چوکیدار اور ایک دوسرا ملازم شامل ہیں۔ ریسکیو حکام کی فراہم کردہ ابتدائی معلومات کے مطابق متاثرین میں حاملہ خاتون اور ان کے 2 تیماردار بھی شامل تھے۔ دھماکے کے بعد لگنے والی آگ کی وجہ سے ایمبولینس مکمل طور پر جل کر تباہ ہوگئی۔ ریسکیو انچارج کے مطابق واقعے میں شدید زخمی ہونے والا ایک شخص سول اسپتال مٹھی منتقل کیے جانے کے دوران راستے میں دم توڑ گیا، جس کے بعد جاں بحق افراد کی تعداد 10 ہو گئی ہے۔ ابتدائی رپورٹ کے مطابق جاں بحق ہونے والے افراد میں اسحاق تھیو، ڈینو میگھواڑ اور پپی راجڑ شامل ہیں جبکہ دیگر افراد کی شناخت کا عمل جاری رہا۔ ریسکیوٹیوں نے ایک شیرخوار بچے اور ایک خاتون سمیت متعدد زخمیوں کو بھی ہسپتال منتقل کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نگرپارکر کے مطابق انتظامیہ، محکمہ صحت، ریسکیو 1122 اور ٹاؤن حکام جائے وقوعہ پر موجود ہیں اور امدادی سرگرمیاں جاری ہیں۔ واقعے کی وجوہات اور دھماکے کی نوعیت سے متعلق مزید تفصیلات سامنے آنا باقی ہیں۔

بقیہ 17

سے متعلق قوانین شامل ہیں جب کہ پراسیکیوشن، جامعات اور میڈیکل ٹیچنگ اداروں سے متعلق قوانین کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق صوبائی اسمبلی کے اختیارات اور مراعات سے متعلق قوانین کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ خیبرپختونخوا پراسیکیوشن سروس ترمیمی ایکٹ 2025 بھی نظرثانی کے لیے زیرغور ہے، پراسیکیوشن سروس ترمیمی ایکٹ میں ممکنہ ترامیم یا اسے واپس لینے کے امکانات کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ پراسیکیوشن سروس ترمیمی ایکٹ میں ممکنہ تبدیلیوں کے اثرات 9 مئی 2023 کے مقدمات کے تناظر میں بھی زیر بحث ہے، کمیٹی کی سفارشات کے بعد قوانین میں ترمیم یا انہیں واپس لینے کا حتمی فیصلہ مجاز اتھارٹی کرے گی۔

بقیہ 18

کہتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور رومانیہ کے درمیان گہرے اور قریبی روابط ہیں، دونوں ممالک کے مابین صحافت، تعلیم، تجارت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، ثقافت اور دیگر شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں، جن سے فائدہ اٹھا کر دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنایا جا سکتا ہے۔ سیکرٹری ڈاکٹر فرقان راؤ نے کہا کہ نیشنل پریس کلب اسلام آباد صحافیوں کا ایک اہم نمائندہ ادارہ ہے، جو صحافتی برادری کی فلاح و بہبود کے ساتھ ساتھ آزادی صحافت، ذمہ دارانہ صحافت اور بین الاقوامی سطح پر صحافتی روابط کے فروغ کے لیے بھی اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ رومانیہ کے سفیر کی نیشنل پریس کلب آمد دونوں ممالک کے صحافتی حلقوں کے درمیان رابطوں کو مضبوط بنانے اور ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کرنے کے حوالے سے اہمیت کی حامل ہے۔ میٹ دی پریس سے خطاب کرتے ہوئے رومانیہ کے سفیر ڈاکٹر ڈین سٹوئنیسکو نے کہا ہے کہ پاکستان اور رومانیہ کے درمیان چھ دہائیوں سے زائد عرصے پر محیط دوستانہ تعلقات باہمی احترام، مشترکہ مفادات اور تعمیری تعاون کی مضبوط بنیادوں پر استوار ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری میں اضافے کے ذریعے ان تعلقات کو ایک نئی جہت دی جا سکتی ہے۔ اپنے افتتاحی کلمات میں رومانیہ کے سفیر ڈاکٹر ڈین سٹوئنیسکو نے کہا کہ پاکستان اور رومانیہ نے 15 اکتوبر 1964 کو سفارتی تعلقات قائم کیے تھے۔ اس کے بعد دونوں ممالک نے صنعتی ترقی، تکنیکی تعاون اور مختلف شعبوں میں شراکت داری کو فروغ دیا۔ ماضی میں رومانیہ نے پاکستان کی صنعتی ترقی، خصوصاً تیل، سیمنٹ اور کھاد کی صنعتوں میں تکنیکی مہارت اور تعاون فراہم کیا

بقیہ 19

ہونے والی پیش رفت کی نگرانی کی جائے گی۔ مشیر اطلاعات وتعلقات عامہ خیبرپختونخوا ثمر ہارون بلور کے مطابق اس سلسلے میں انسانی حقوق سے متعلق اداروں کے درمیان رابطہ کاری اور معلومات کے تبادلے کے حوالے سے ایک مشترکہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں شکایات کے مؤثر ازالے کے لیے مشترکہ ڈیجیٹل نظام کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ ثمر ہارون بلور نے بتایا کہ مجوزہ پورٹل کے ذریعے شکایات کے حل میں تاخیر اور مختلف اداروں کی جانب سے ایک ہی نوعیت کی کوششوں میں تکرار کو کم کرنے میں مدد ملے گی، اس مقصد کے لیے موجودہ اداروں کو مشترکہ ڈیجیٹل نظام سے منسلک کیا جائے گا اور کوئی نیا متوازی ادارہ قائم نہیں کیا جائے گا

بقیہ 20

ہوئی۔ ریلوے حکام نے جناح پیپلز ٹرین کا بھی نہ جانے کا بتایا۔ پاکستان ریلوے حکام کے مطابق پشاور سے کوئٹہ آنے والی جعفر ایکسپریس سندھ کے شہر جیکب آباد تک محدود رہی۔ ریلوے حکام کے مطابق ٹرین آپریشن ضروری مرمتی کام کے باعث ایک روز کے لیے معطل کیا گیا ہے۔

بقیہ 21

ملاقات کے دوران وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے ایران کے موجودہ حالات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ مشکل وقت بھی انشاء اللہ گزر جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مشکل حالات میں ہی اچھے دوست کام آتے ہیں، پاکستانی عوام کے دل اپنے ایرانی بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے اپنی گفتگو میں مزید کہا کہ ایرانی قیادت کی قربانیوں نے ایران کے عوام کے سر فخر سے بلند کیے ہیں۔ ایرانی قائدین کی شہادتوں پر پاکستانی عوام کو بھی دلی دکھ پہنچا ہے۔ انہوں نے ایرانی عوام کی خوشیوں، سلامتی اور پرامن زندگی کے لیے نیک تمناؤں اور دعاؤں کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے پاکستان اور ایران کے درمیان دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے ایران کا جلد دوبارہ دورہ کرنے کی خواہش کا بھی اظہار کیا جس کا ایرانی سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم نے خیر مقدم کیا۔ عبدالعلیم خان نے باہمی مسائل کے حل اور دوطرفہ تعاون کے فروغ کے لیے اپنے مکمل تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی۔ پاکستان میں ایران کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم نے بیرونی جارحیت کے تناظر میں پاکستانی عوام کی حمایت پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان دوستانہ تعلقات خطے کے امن واستحکام کے لیے اہم ہیں۔ انہوں نے پاک ایران سرحد پر تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کو دونوں ممالک کے مفاد میں قرار دیا۔ ملاقات میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ پاکستان اور ایران کے مابین دوطرفہ روابط کو مزید مضبوط بنانے، باہمی تعاون کے فروغ اور مشترکہ مفادات کے تحفظ کے لیے رابطوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 22

کرتے ہوئے کہا کہ پارلیمنٹ کو مضبوط اور سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لیا جائے۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ ہم اتنے گئے گزرے نہیں کہ وطن فروشی کریں، جو ضمیر بیچتا ہے اسے آپ اوپر اٹھاتے ہیں۔ آئین کے تحت لوگوں کی خدمت کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایک شریف جج نے پھر استعفیٰ دے دیا۔ اپوزیشن لیڈر نے مطالبہ کیا کہ تحقیقات کی جائیں کہ موجودہ حکومت میں کتنے ارب روپے کی کرپشن ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین پارلیمنٹ کو طاقت کا سرچشمہ بنائیں اور سیاسی لوگ مل بیٹھ کر مسائل کا حل نکالیں۔ پی ٹی آئی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا کہ شاید آج خواجہ آصف کچھ زیادہ ہی بول گئے۔ بانی پی ٹی آئی کی بہن نورین نیازی کو رات کے وقت اسپتال لے جایا گیا، جو ان کے لیے شدید تشویش کا باعث ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ تھری ایم پی او کے تحت نظر بند کارکنوں کو رہا کیا جائے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ تین بہنوں کو جیل میں رکھ کر روایات کی پامالی کی گئی۔ اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو وفاق اور جمہوریت خطرے میں پڑ جائیں گے۔ قبل ازیں جے یو آئی کے ارکان نے مولانا عبدالغفور حیدری کو بات کرنے کا موقع دینے کا مطالبہ کیا، جس پر ڈپٹی اسپیکر نے کہا کہ ایوان آپ کے کہنے پر نہیں چلے گا اور ایجنڈے کے بعد بات کرنے کا موقع دیا جائے گا۔ اس دوران ڈپٹی اسپیکر نے بیرسٹر گوہر کو اظہار خیال کا موقع دے دیا۔ محمود خان اچکزئی کی تقریر کے دوران مسلم لیگ (ن) کے رکن حنیف عباسی نے بھی بولنے کی کوشش کی۔

بقیہ 23

مقرر تھی۔ اس کے علاوہ منی لانڈرنگ روکنے کے لیے صوبائی اینٹی کرپشن اداروں کو اختیارات دینے پر اتفاق ہوا ہے جب کہ صوبائی اینٹی کرپشن اداروں کو اختیارات دینے کا فیصلہ ایس او پیز کی تکمیل کے ساتھ مشروط کیا گیا ہے۔ حکومت کی جانب سے این ای سی اور ورچوئل اثاثہ جات کو بھی انسداد منی لانڈرنگ نظام میں شامل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ورچوئل اثاثہ جات ریگولیٹری اتھارٹی کو انسداد منی لانڈرنگ قانون کے اختیارات دے دیے گئے ہیں۔

بقیہ 24

ترکیہ کے قیام کی سالگرہ پر ترک صدر رجب طیب اردوان کے نام خط میں کہا ہے کہ ترکیہ نے ایک صدی کے دوران نمایاں پیشرفت کی ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ ترکیہ نے اداروں کو مضبوط اور اقتصادی ترقی کو فروغ دے کر علاقائی و عالمی امور میں اپنے مقام اور کردار میں اضافہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ تجارت، سرمایہ کاری، دفاع سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھائیں گے، دونوں ملکوں کے درمیان مشترکہ تاریخ، عقیدے اور اقدار پر مبنی دیرینہ روابط ہیں۔ صدر آصف زرداری نے کہا کہ مشکل وقت میں ترک قیادت، عوام کی حمایت اور یکجہتی کے اظہار کی قدر کرتے ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے سے دوطرفہ اور سہ فریقی تعلقات کو مزید فروغ ملے گا، یہ دفاعی معاہدہ پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے مابین تزویراتی تعاون کے فروغ میں بھی معاون ہوگا۔

بقیہ 25

2026 کے دوران عالمی اجناس کی قیمتوں میں مجموعی طور پر 23 فیصد اضافے کا امکان ہے، رپورٹ میں خبردار کیا گیا ہے کہ توانائی اور خوراک کی بڑھتی ہوئی قیمتیں دنیا بھر میں مہنگائی میں اضافے کا سبب بن سکتی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق عالمی سطح پر توانائی کی قیمتیں 2026 میں مجموعی طور پر 32 فیصد بڑھ سکتی ہیں، جبکہ برینٹ خام تیل کی اوسط قیمت 91 ڈالر فی بیرل رہنے کا امکان ہے، اسی طرح عالمی منڈیوں میں خوراک کی قیمتوں میں بھی سال کے دوران 10 فیصد اضافے کی توقع ظاہر کی گئی ہے۔ عالمی بینک نے مالی سال 2026-27 کے دوران پاکستان میں کپاس کی پیداوار میں 6 فیصد کمی کی پیش گوئی کی ہے، رپورٹ کے مطابق عالمی سطح پر کپاس کی پیداوار بھی 3 فیصد کم ہونے کا امکان ہے۔ کپاس پیدا کرنے والے دیگر بڑے ممالک میں چین کی پیداوار 6 فیصد اور امریکا کی پیداوار 3 فیصد گھٹنے کی توقع ہے، جبکہ برازیل اور بھارت میں کپاس کی پیداوار میں ایک، ایک فیصد اضافے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ عالمی بینک کی رپورٹ میں پیش گوئی کی گئی ہے کہ 2027 کے دوران عالمی اجناس کی قیمتوں میں 7 فیصد کمی ہو سکتی ہے، اس عرصے میں برینٹ خام تیل کی قیمت کم ہو کر اوسطاً 79 ڈالر فی بیرل تک آنے کا امکان ہے، قیمتوں میں مجموعی کمی کے باوجود 2027 میں عالمی سطح پر خوراک کی قیمتوں میں مزید 7 فیصد اضافے کا خدشہ برقرار ہے۔ عالمی بینک کے مطابق مشرق وسطی میں کشیدگی کے باعث عالمی توانائی کی فراہمی متاثر ہوئی ہے، جس سے توانائی کی قیمتوں پر دباؤ بڑھ رہا ہے، دوسری جانب روس یوکرین جنگ کے باعث بحیرہ اسود کے راستے زرعی اجناس کی ترسیل بھی متاثر ہوئی ہے۔ رپورٹ میں ال نینو کے ممکنہ اثرات پر بھی تشویش ظاہر کی گئی ہے، جس کے باعث زرعی پیداوار کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ عالمی بینک کے مطابق توانائی اور خوراک کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات عالمی معیشت پر مرتب ہو سکتے ہیں، جبکہ مہنگی توانائی اور غذائی اجناس دنیا کے مختلف ممالک میں مہنگائی کے دباؤ کو مزید بڑھا سکتی ہیں۔

بقیہ 26

محسن نقوی نے کمیٹی کو بتایا کہ مقتولہ کے لواحقین کے تحفظات موجود ہیں، جنہیں دور کرنے کے لیے ایک اور کمیٹی سے تحقیقات کرائی جائیں گی۔ راولپنڈی میں حنا جاوید کے قتل کیس پر قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کے اجلاس میں پولیس حکام، خصوصی تحقیقاتی ٹیم اور مقتولہ کے لواحقین نے اپنا اپنا مؤقف پیش کیا۔ رکن کمیٹی شاہدہ رحمانی نے ابتدائی تفتیش پر سوالات اٹھاتے ہوئے کہا کہ مقتولہ کو بیس اگست کو بے دردی سے قتل کیا گیا، گھر سے آلہ قتل غائب تھا اور قتل کا سارا الزام ملازم پر ڈال دیا گیا۔

بقیہ 27

گوادر، تربت، پنجگور، تمپ، جیوانی، پسنی اور مکران کو بجلی دی جاتی ہے، ایران کو بجلی کے عوض 12 ملین ڈالر کی ادائیگی واجب الادا ہے، ایران سے درآمد کی جانے والی بجلی کے نرخ نیپرا سے منظور شدہ ہیں۔ وزیر توانائی نے کہا کہ بجلی کی ادائیگی کی ذمہ داری سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی کی ہے، ایران سے بجلی حاصل کرنے والے علاقوں کے صارفین بل ادا کرنے کے پابند ہیں، ایرانی بجلی کے بلوں کی وصولی کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی کرتی ہے، بلوچستان کے ان علاقوں میں نقصانات کی بنیاد پر لوڈشیڈنگ کی جاتی ہے، 4 انٹرکنکشن لائنوں کے ذریعے زیادہ سے زیادہ 204 میگاواٹ بجلی لی جا سکتی ہے، مکران ریجن کو قومی بجلی کے نظام سے منسلک کرنے کا کام مکمل کر لیا، طویل ٹرانسمیشن لائن اور وولٹیج کے مسائل دور کرنے کیلئے اقدامات زیرغور ہیں۔ وزیر توانائی نے آئی پی پیز اور بجلی کے گردشی قرضے سے متعلق تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش کرتے ہوئے کہا کہ 2024-25 میں کمپنیوں کو 1669 ارب کپیسٹی پیمنٹس کی مد میں ادا کیے، 2025-26 میں آئی پی پیز کو کپیسٹی پیمنٹس کی مد میں 1711 ارب روپے ادا کیے، 2024-25 میں 127046 گیگا واٹ آور بجلی پیدا کی گئی، 2025-26 میں بجلی کی پیداوار بڑھ کر 128540 گیگا واٹ آور رہی۔ معاہدوں کے تحت بجلی گھروں کو کپیسٹی پیمنٹس ادا کی جاتی ہیں، پلانٹس کو ضرورت کے وقت بجلی پیدا کرنے کیلئے تیار رکھنے کی ادائیگی ہوتی ہے۔

بقیہ 28

کہ تعلیمی پروگراموں کو صنعتی ضروریات سے ہم آہنگ کرنا ضروری ہے تاکہ نوجوانوں کے لیے پائیدار معاشی مواقع پیدا کیے جا سکیں۔ بیلٹ اینڈ روڈ انٹرنیشنل انڈسٹری ایجوکیشن کوآپریشن فورم سے خطاب کرتے ہوئے رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ پاکستان نوجوانوں کو بااختیار بنانے، صنعتی ترقی اور مشترکہ معاشی خوشحالی کے فروغ کے لیے بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ عملی اور پائیدار تعاون کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے حکومت پاکستان کی جانب سے فورم کے انعقاد پر منتظمین کو مبارک باد دی اور تعلیم ومہارتوں کی ترقی کے شعبوں میں بین الاقوامی تعاون کو مضبوط بنانے کے لیے مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرنے پر ٹینگ انٹرنیشنل ایجوکیشن گروپ کا شکریہ ادا کیا، صنعت اور تعلیم کے باہمی اشتراک کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ نوجوان ہر ملک کا قیمتی ترین سرمایہ اور قومی ترقی و سماجی پیش رفت کے اہم محرک ہوتے ہیں۔

بقیہ 29

کہ معاہدے کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان زرعی مصنوعات کی تجارت کو سہل بنانا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ پاکستانی وفد کی سربراہی ممبر کسٹمز آپریشنز شکیل شاہ نے کی۔ گرین چینل کے تحت اہل کھیپ کی ترجیحی بنیادوں پر پراسسنگ یقینی بنائی جائے گی۔ پاکستان کسٹمز کے مطابق معاہدے کے تحت خطرات کی بنیاد پر سسٹم کنٹرولز نافذ کیے جائیں گے۔ بیان میں کہا گیا کہ پاک چین کسٹمز انتظامیہ کے درمیان معلومات کے تبادلے کو فروغ دیا جائے گا۔ جلد خراب ہونے والی زرعی مصنوعات کی کھیپوں کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹانے کا انتظام کیا ہے۔ پاکستان کسٹمز کے مطابق گرین چینل سے تجارت کے انتظام میں بہتری اور تجارتی سہولت کاری کو فروغ ملے گا۔

بقیہ 30

کہ سپریم کورٹ کے سامنے تمام معاملات رکھے گئے ہیں، جیل میں دی جانے والی تمام سہولیات کا بھی سپریم کورٹ میں خود انکے وکیل نے بتایا۔ انہوں نے کہا کہ جو رپورٹ سپریم کورٹ اور انہیں دی گئی تھی اس میں کوئی فرق نہیں تھا۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ کل نورین نیازی کی طبیعت خراب ہوئی تو انہیں فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا۔ رانا ثنااللہ نے کہا کہ نورین نیازی اور بانی پی ٹی آئی کی بہنیں جیل میں اس لئے ہیں کیونکہ وہ انتشار پھیلانا اور اسلام آباد پر چڑھائی کرنا چاہتی تھیں۔

بقیہ 31

میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ پی ٹی آئی پارلیمنٹ میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے۔ راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ پارلیمنٹ کی عزت بھی اسی میں ہے کہ انتخابات صاف اور شفاف ہوں۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی اصلاحات کے لیے پارلیمنٹ میں کمیٹیاں بنائی جائیں، بلاول بھٹو نے پارلیمنٹ میں انتخابی اصلاحات لانے کی بات کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ جمہوریت کے فروغ کے لیے کام کیا ہے۔

بقیہ 32

نے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی کے خلاف درج مقدمے کی سماعت کی، عدالت نے عدم حاضری پر سہیل آفریدی کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری برقرار رکھے۔ عدالت نے سہیل آفریدی کو گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم دیتے ہوئے کیس کی مزید سماعت 15 نومبر تک ملتوی کر دی۔ واضح رہے کہ سہیل آفریدی کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی آئی اے) نے مقدمہ درج کر رکھا ہے۔

بقیہ 33

تحصیل ہیڈکوارٹر اسپتال پنڈی بھٹیاں منتقل کر دیا گیا ہے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق مسافر بس لاہور سے چنیوٹ جارہی تھی کہ سکھیکی میں حادثہ پیش آیا، حادثے میں 5 افراد جاں بحق ہو گئے اور 40 زخمی ہوئے ہیں، بس میں 65 کے قریب مسافر سوار تھے۔ ذرائع کے مطابق حادثہ بس ڈرائیور کو نیند آنے کے باعث پیش آیا۔ ریسکیو ٹیموں نے جائے حادثہ پہنچ کر امدادی کارروائیاں شروع کر دیں جبکہ زخمیوں کو تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال پنڈی بھٹیاں منتقل کیا جا رہا ہے۔ حکام کے مطابق امدادی کارروائیاں جاری ہیں اور بعض مسافروں کے تاحال لاپتہ ہونے کی اطلاعات بھی ہیں۔

بقیہ 34

انسداد دہشت گردی کی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے اڈیالہ جیل میں فیصلہ سنا دیا۔ عدالت نے 3 مختلف دفعات کے تحت سزا کا حکم دیا ہے، ایمان مزاری اور ہادی علی پر جرمانہ بھی عائد کیا ہے۔ ایمان مزاری اور ہادی علی پر 17 اکتوبر کو فرد جرم عائد کی گئی تھی۔ عدالت کی جانب سے کیس میں اسٹیٹ کونسل مقرر کیا گیا تھا، اسٹیٹ کونسل عاطف محمود کی جانب سے گواہان پر جرح کی گئی۔ پراسیکیوشن کی جانب سے مجموعی طور پر کیس میں 7 گواہان کو پیش کیا گیا تھا۔ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے خلاف 25 اکتوبر 2024 کو مقدمہ درج کیا گیا تھا

بقیہ 35

میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لینے اور متعلقہ افسران سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس سے قبل صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم خان کھوسہ کی زیر صدارت ترقیاتی امور کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں چیف انجینئر مواصلات وتعمیرات نصیرآباد زون بشیر ناصر نے انہیں روڈز اور بلڈنگز کے شعبوں میں جاری ترقیاتی منصوبوں، ان پر ہونے والی پیش رفت اور تعمیراتی کاموں کو مقررہ معیار کے مطابق مکمل کروانے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی، جبکہ منصوبوں کی بروقت تکمیل میں درپیش مسائل سے بھی آگاہ کیا۔

بقیہ 36

انہوں نے کہا کہ بھارت انسانیت اور مذاہب کے خلاف بڑی منظم شرمناک مہم چلانے میں مصروف عمل ہے اس مہم کا سرغنہ موجودہ حکومت بی جے پی اور اس کے حواری کاسہ لیس آر ایس ایس ہے جو دنیا کے لئے بڑے خطرے کا باعث ہے جس سے ہندوستان میں مذہبی تعصب، نفرتوں کو بڑھایا جا رہا ہے ہندوستانی حکومت کھلے عام یہ اعلان کر رہی ہے کہ ہندوستان ہندوؤں کا ہے جس نے ہندوستان میں رہنا ہے وہ ہندو مذہب اختیار کرے ورنہ ملک چھوڑ کر چلے جائیں یہ انسانی حقوق کی تنظیم کی کھلا خلاف ورزی ہے انسانی حقوق کی تنظیموں کو اس کا نوٹس لینا چاہیے صدیوں سے پرانی دینی کنٹ سٹی اور دیگر مذاہب کے مقدس مقامات کو ہندو مندر کی جگہ کہنا افسوسناک اور شرمناک عمل ہے ہم اس کی مذمت کرتے ہیں

بقیہ 37

والے اساتذہ اور دیگر ملازمین کے مستقبل کے حوالے سے غیر یقینی صورتحال پیدا ہونے کا خدشہ ہے، جس کے منفی اثرات تعلیمی نظام پر بھی مرتب ہو سکتے ہیں۔ یونائیٹڈ منرلز کمپنی ایمپلائز یونین کے صدر سیف اللہ خان نے کہا کہ کسی بھی انتظامی فیصلے سے قبل ملازمین کے حقوق، روزگار کے تحفظ اور ان کی پیشہ ورانہ خدمات کو مدنظر رکھنا ناگزیر ہے، مائنز ویلفیئر سکولوں کے اساتذہ اور دیگر ملازمین دور دراز اور پسماندہ کان کنی کے علاقوں میں انتہائی محنت، لگن اور ایمانداری کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں، یہ ملازمین کان کنوں کے بچوں کو تعلیم کی روشنی سے منور کرنے اور ان کے بہتر مستقبل کی تعمیر میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، اس لیے ان کی خدمات، تجربے اور تعلیمی شعبے میں طویل جدوجہد کو نظرانداز نہیں کیا جانا چاہیے، حکومت کو چاہیے کہ وہ مائنز ویلفیئر سکولوں سے متعلق کسی بھی فیصلے میں ملازمین کے معاشی و پیشہ ورانہ مفادات، ملازمت کے تسلسل اور سماجی تحفظ کو اولین ترجیح دے تاکہ اساتذہ اور دیگر عملے کو بے یقینی اور مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ صدر یونائیٹڈ منرلز کمپنی ایمپلائز یونین نے واضح کیا کہ یونین ملازمین کے حقوق کے تحفظ کیلئے ہر متعلقہ فورم پر آواز بلند کرتی رہے گی اور اساتذہ و دیگر ملازمین کے معاشی اور پیشہ ورانہ مفادات پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ مائنز ویلفیئر سکولوں کے مستقبل سے متعلق فیصلے میں ملازمین کے تحفظات کو سنجیدگی سے سنا جائے اور ان کے حقوق کی ضمانت فراہم کی جائے۔

بقیہ 38

ذاتی اور جماعتی اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی مفاد کو مقدم رکھنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز شتل گٹ، مسلم باغ میں واٹر سپلائی بور کی افتتاحی تقریب کے موقع پر علماء کرام اور جماعتی احباب کے ہمراہ دعائے خیر کرنے اور مرغہ فقیرزئی میں مدرسہ اقصیٰ کی سالانہ دستار فضیلت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مولانا عبدالواسع نے کہا کہ علماء کرام معاشرے کی دینی، اخلاقی اور اصلاحی تربیت میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔

بقیہ 39

پاکستان پیپلز پارٹی کا ٹکٹ ہولڈر ہوں اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا تعلق بھی اسی جماعت سے ہے جب میں نے اپنے علاقے کے مسائل، عوامی ضروریات اور ترقیاتی منصوبے کیلئے وزیراعلیٰ کے پاس جاتا ہوں تو اس میں کون سا جرم ہے۔ عوام کے لئے ترقیاتی پیکج اور روزگار کے مواقع حاصل کرنا جرم ہے تو میں بار بار کرتا رہوں گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان موسیٰ خیل اور واشک کیلئے ترقیاتی فراہم کئے ان اقدامات کو اپوزیشن کے رکن میر زابد علی ریکی نے بھی سراہا اور اظہار تشکر کیلئے وزیراعلیٰ کو ہار پہنایا یا عوامی مفاد کے کاموں کو سیاسی وابستگی سے بالاتر ہو کر تسلیم کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ 40

منصوبہ کو یونیسیف نے ویکسین الائنس (Gavi) کے تعاون سے مکمل کیا ہے، جس میں صوبائی سطح پر ویکسین اور دیگر ضروری طبی سامان کی محفوظ ذخیرہ اندوزی کے لیے ڈرائی اسٹوریج ویئر ہاؤس کے ساتھ 250 کلوواٹ کا سولر پاور سسٹم بھی نصب کیا گیا ہے اس موقع پر انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ لسبیلہ میں ایک ہفتے کے اندر ڈائیلسز سینٹر کا افتتاح کیا جائے گا، جس سے لسبیلہ کی عوام کو صحت کی سہولت بہترین انداز میں میسر ہوگی اور حادثات میں زخمی ہونے والے مریضوں کو بروقت علاج کی سہولت ملے گی اور انسانی جانوں کے بچاؤ میں مدد ملے گی انہوں نے کہا ہے کہ سول اسپتال اوتھل کو جلد دو ایمبولینسیں بھی فراہم کی جائیں گی۔ تاکہ علاقے کے عوام کو مشکلات کا سامنا نہ ہو جبکہ ان اقدامات سے علاقے کے مریضوں کو طبی سہولیات کی فراہمی میں بہتری آئے گی۔

بقیہ 41

سنبھالیں گے جماعت اسلامی کا پاکستان میں ایک ماہ تک الیکشن کا عمل جاری رہا ہمارے الیکشن میں کہیں گروپ بندی، لڑائی یا پوسٹر بازی نہیں ہوئی جماعت کا ہر رکن امارت کا امیدوار ہے چاہے غریب ہو یا امیر ترین باقی جماعتیں جمہوریت کی بات کرتی ہیں، جمہوریت جماعت اسلامی میں ہے۔ دیگر جماعتوں میں نہیں ایک ہی خاندان، باپ کے بعد بیٹا، بیٹے کے بعد پوتا، یہ کیسی جمہوریت ہے؟ جماعت اسلامی میں امیر مستقل نہیں ہوتا، دستور کے تحت انتخاب ہوتا ہے۔

بقیہ 42

ہے جس کا اطلاق فوری طور پر ہوگا ڈپٹی کمشنر حب کی جانب سے جاری کردہ حکم نامے کے مطابق ضلع میں پینے کے پانی کی عدم دستیابی کے باعث عوام، گھریلو صارفین، زراعت اور صنعتی شعبے کو مشکلات کا سامنا ہے پانی کے موجودہ ذخائر کو محفوظ بنانے اور ضلع کے اندر پانی کی منصفانہ تقسیم یقینی بنانے کے لیے یہ اقدام اٹھایا گیا ہے جاری حکم نامے کے تحت ضلع حب کے کسی بھی آبی ذخیرے یا ذریعے سے پانی ٹینکرز، باوزرز، ٹینکروں، پائپ لائنوں یا کسی بھی دوسرے ذریعے کے ذریعے ضلع سے باہر لے جانے پر پابندی ہوگی تاہم مجاز اتھارٹی کی جانب سے قانون کے مطابق خصوصی تحریری اجازت کی صورت میں استثنیٰ دیا جاسکے گا ڈپٹی کمشنر کے حکم نامے میں پانی کی ترسیل کے لیے پہلے سے جاری تمام این او سیز، اجازت ناموں اور منظوریوں کو بھی فوری طور پر منسوخ قرار دیا گیا ہے، جبکہ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس حب کو پابندی پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنانے، پولیس تھانوں اور چیک پوسٹوں کے ذریعے غیر قانونی نقل وحمل روکنے کی ہدایت کی گئی ہے

بقیہ 43

اور عوام کو درپیش مسائل کے فوری حل کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ شہر سے جمع ہونے والا کوڑا کرکٹ اور دیگر غلاظت شہر سے دور منتقل کی جائے تاکہ آئندہ شہر میں کچرا اور گندگی نظر نہ آئے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول، بہتر سفری سہولیات اور منظم شہری خدمات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ شہر کی صفائی اور روڈ کلیئرنس کے اقدامات کی مسلسل نگرانی کی جائے اور غفلت یا کوتاہی کی صورت میں ذمہ داران کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 44

اور ضرورت پڑنے پر اپنے ذاتی وسائل سے بھی ان کی مدد کریں گے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسکول کے پرنسپل سید عثمان شاہ نے ایم پی اے کو اسکول کی عمارت کی خستہ حالی، پانی کی قلت اور زیر زمین واٹر ٹینک کی عدم دستیابی سمیت دیگر مسائل سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر زرک خان مندوخیل نے اسکول کی عمارت کی مرمت، پانی کی قلت دور کرنے اور زیر زمین واٹر ٹینک کی تعمیر کے لیے اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔ اسکول میں زیر تعلیم تقریباً ساڑھے تین سو طلبہ کے مقابلے میں سرکاری طور پر صرف 55 یونیفارمز فراہم کیے گئے تھے۔ ایم پی اے زرک خان مندوخیل نے باقی طلبہ کو اپنی جیب سے یونیفارم فراہم کرنے کا وعدہ کرتے ہوئے کہا کہ بچوں کی تعلیم اور بنیادی ضروریات کی تکمیل ان کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 45

عدالت نے خاتون ملزمہ سکینہ خاتون زوجہ خان محمد کو جرم ثابت ہونے پر عمر قید کی سزا سنائی۔ عدالت نے ملزمہ کو بھی مقتولین کے لواحقین کو پانچ لاکھ روپے بطور دادرسی ادا کرنے اور پچاس ہزار روپے جرمانہ ادا کرنے کا حکم دیا۔

بقیہ 46

مرغہ کبزئی سے نامعلوم مسلح افراد نے پولیس کے نائب قاصد عطا اللہ کو اغوا کر لیا پولیس کے مطابق عطا اللہ کو نامعلوم مسلح افراد اغوا کر کے نامعلوم مقام پر لے گئے ہیں ایس ایس پی سید عبدالصبور نے رابطہ کرنے پر بتایا کہ واقعے کے بعد مغوی کی تلاش شروع کر دی گئی ہے۔

بقیہ 47

نے بتایا کہ علاقے میں ممکنہ طور پر موجود دیگر دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشنز جاری ہیں۔ معاون وزیراعلیٰ برائے اطلاعات وسیاسی امور نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کے قیام اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لیے فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی اور آخری دہشت گرد کے خاتمے تک اس عزم میں کوئی کمی نہیں آنے دی جائے گی۔

بقیہ 48

چیف جسٹس محمد کامران خان ملاخیل نے ریمارکس دیے کہ مذکورہ آئینی درخواست 21 ستمبر 2023 کو دائر کی گئی تھی، تاہم عدالت کی جانب سے مختلف اوقات میں متعدد احکامات اور بار بار ہدایات جاری کیے جانے کے باوجود کوئٹہ واٹر اینڈ سینی ٹیشن اتھارٹی (کیو واسا) کی جانب سے تاحال خاطرخواہ پیش رفت سامنے نہیں آئی۔

بقیہ 49

کی جانب سے شہریوں کو روکنے، بلاجواز تنگ کرنے اور مبینہ طور پر پیسے وصول کرنے کے واقعات تشویشناک ہیں، قانون کی پاسداری ہر شہری کی ذمہ داری ہے، تاہم قانون کے نام پر عوام کو ہراساں کرنا اور اختیارات کا ناجائز استعمال کسی صورت قابل قبول نہیں، ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کے لیے شفاف اور یکساں نظام بنایا جائے تاکہ چالان کا مقصد ٹریفک کی روانی بہتر بنانا اور حادثات کی روک تھام ہو، نہ کہ عوام کے لیے مالی پریشانی اور ذہنی اذیت کا سبب بنے۔ رہنماؤں نے کہا کہ دوسری جانب پولیس تھانوں کی بنیادی ذمہ داری جرائم کی روک تھام، چوری، ڈکیتی، رہزنی اور دیگر جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی اور شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہے

بقیہ 50

اس بات کا اعلان بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے بیوٹمز میں BITE 2026 کی لانچنگ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالمنان، بیوٹمز کے شعبہ معاشیات کے پروفیسر احسن اچکزئی اور ایکسپو کے انعقاد میں معاونت کرنے والے رضا کار طلبہ وطالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ 51

تک مؤثر انداز میں مانیٹر کیا جائے اور ترسیل سے متعلق دستاویزات، انوائسز، ڈیلیوری چالان، سیکورٹی کوڈز، کیو آر کوڈز اور سیریل نمبرز کی باقاعدہ تصدیق یقینی بنائی جائے۔ مزید برآں کھاد کے ڈیلرز اور سب ڈیلرز کے اسٹاک کا مکمل ریکارڈ مرتب کرنے، کھاد کی آمد و فروخت اور باقی ماندہ ذخیرے کی تفصیلات محفوظ رکھنے کے ساتھ معمول کی اور اچانک فزیکل انسپکشنز کرنے کی ہدایات پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں واضح کیا گیا کہ کھاد صرف مجاز ذرائع سے حکومت کے مقرر کردہ نرخوں پر فروخت کی جائے اور کاشتکاروں تک اس کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 52

شہریوں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ممکن ہو سکے اس موقع پر چیف کیسکو میرزا اعزاز بیگ نے متعلقہ ایکسین اور ایس ڈی اوز کو فوری احکامات جاری کرتے ہوئے بجلی کی لوڈشیڈنگ کے مسئلے کو حل کرنے اور پرانے ٹائم ٹیبل کے مطابق بجلی کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی چیف کیسکو کی جانب سے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دومڑ کو یقین دہانی کرائی گئی کہ کل سے سنجاوی میں بجلی کی فراہمی سابقہ ٹائم ٹیبل کے مطابق بحال کر دی جائے گی اور اس سلسلے میں متعلقہ حکام ضروری اقدامات کریں گے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دومڑ نے اس موقع پر کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کے روزمرہ مسائل کا حل ان کی ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ سنجاوی سمیت حلقے کے دیگر علاقوں میں عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ رابطے جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ 53

کے درمیان مربوط رابطے اور مؤثر حکمت عملی کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ انسداد پولیو مہم کے لیے تمام تیاریاں بروقت مکمل کی جائیں، پولیو ٹیموں اور متعلقہ عملے کو مکمل طور پر تیار رکھا جائے اور سیکورٹی سمیت تمام ضروری انتظامات کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلع چمن کے پانچ سال تک کی عمر کے کسی بھی بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے سے محروم نہیں رہنے دیا جائے گا۔

بقیہ 54

دہی سے متعلق امور کا جائزہ لیتے ہوئے تعلیمی ادارے میں نظم و ضبط اور انتظامی معاملات کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے اسکول میں موجود سرکاری ریکارڈ کا بھی معائنہ کیا تاکہ تعلیمی وانتظامی امور کی انجام دہی اور ریکارڈ کی باقاعدہ دیکھ بھال کا جائزہ لیا جا سکے۔ تعلیمی اداروں میں مؤثر نگرانی، ذمہ داری کے ساتھ فرائض کی انجام دہی اور انتظامی معاملات میں بہتری کو معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے اہم قرار دیا۔ دورے کے دوران خواتین کے لیے جاری فنی تربیتی پروگرام خصوصی توجہ کا مرکز رہے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ان پروگرامز کی پیش رفت کا جائزہ لیا، جن کا بنیادی مقصد خواتین کو مختلف فنی مہارتوں سے آراستہ کر کے انہیں عملی زندگی میں بہتر مواقع فراہم کرنے کے قابل بنانا ہے۔ خواتین کو فنی تعلیم اور ہنرمندی کی تربیت فراہم کرنا انہیں معاشی طور پر بااختیار بنانے، خود انحصاری کو فروغ دینے اور روزگار کے مواقع تک رسائی میں مدد دینے کے حوالے سے بھی اہمیت رکھتا ہے۔ اس نوعیت کے تربیتی پروگرامز خواتین کو اپنی صلاحیتیں نکھارنے اور معاشرے میں مثبت کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔

بقیہ 55

سہولیات تک رسائی بہتر بنانے اور مڈوائفری سے وابستہ عملے کے لیے مؤثر کیریئر اسٹرکچر کی تشکیل پر تبادلہ خیال کرنا تھا۔ شرکاء نے اس امر پر زور دیا کہ بلوچستان کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں مڈوائفری سروسز کا کردار انتہائی اہم ہے، جہاں دشوار گزار جغرافیائی حالات اور طبی سہولیات تک محدود رسائی کے باعث زچگی کے دوران ماؤں، نوزائیدہ بچوں اور شیرخوار بچوں کی شرح اموات میں کمی ایک بڑا چیلنج ہے۔ مشاورتی ورکشاپ میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ کمیونٹی مڈوائفری میں سرمایہ کاری سے بنیادی صحت کی سہولیات کو مضبوط بنانے، محفوظ زچگی کے لیے تربیت یافتہ عملے کی دستیابی یقینی بنانے اور دور دراز علاقوں کی خواتین کو معیاری طبی خدمات فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔ اس موقع پر سرمایہ کاری کے منصوبے کی تیاری کے لیے کنسلٹنٹ ڈاکٹر محسن رضا نے مطلوبہ اعداد و شمار اور معلومات کی فراہمی میں تعاون پر ایم این سی ایچ پروگرام اور محکمہ صحت کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ اداروں کے درمیان تعاون بلوچستان میں مڈوائفری سروسز کے فروغ اور ماؤں و نوزائیدہ بچوں کی صحت بہتر بنانے کے عزم کا عکاس ہے۔ ورکشاپ میں بلوچستان میں مڈوائفری کے شعبے میں سرمایہ کاری کے جامع منصوبے کی تیاری کو زچہ و بچہ کی صحت کے مسائل سے نمٹنے، تربیت یافتہ افرادی قوت کو مستحکم کرنے اور صحت کی سہولیات تک مساوی رسائی یقینی بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا گیا۔

بقیہ 56

ساتھ دیا ہے، جبکہ عوامی سطح پر محبت اور اپنائیت کا رشتہ دونوں برادر ممالک کو ایک دوسرے کے قریب رکھتا ہے۔ سیدال خان نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کی دوستی وقت کے ساتھ مزید مستحکم ہوئی ہے اور دونوں ممالک مختلف شعبوں میں تعاون کو فروغ دے کر اپنے تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جا رہے ہیں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ پارلیمانی سفارت کاری دونوں ممالک کے درمیان روابط کو وسعت دینے، مشترکہ تجربات سے استفادہ کرنے اور باہمی مفادات کو آگے بڑھانے کا ایک مؤثر ذریعہ ہے۔

بقیہ 57

ڈاکٹر محمد ارشاد بلیدی کو ایکسٹرنل ایگزامینر مقرر کیا گیا تھا، جنہوں نے ویڈیو لنک کے ذریعے امتحان میں شرکت کی۔ انہوں نے امیدوار کے تحقیقی کام کا جائزہ لیا اور اس کے تحقیقی طریق؟ کار اور اخذ کردہ نتائج کے بارے میں سوالات کیے۔ جامعہ تربت کے ترجمان کے مطابق یونیورسٹی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن کی قیادت میں اپنے طلبہ کو معیاری تحقیق کے مواقع فراہم کرنے اور اعلیٰ تعلیمی معیار کو برقرار رکھنے کے لئے کوشاں ہے۔

بقیہ 58

صابر علی، ایڈیشنل ڈویژنل ڈائریکٹر صابر داش، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن ڈاکٹر اصغر علی، ایڈیشنل ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر دشت شیر جان اور ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نعیم تگی نے نمائش کا دورہ کیا اور طلبہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کی۔ اسکول کے اساتذہ کے مطابق ان پروجیکٹس کا مقصد طلبہ کو عملی تعلیم کی طرف راغب کرنا اور انہیں سائنسی ماڈلز بنانے کا تجربہ فراہم کرنا ہے، تاکہ وہ مستقبل میں اعلیٰ جماعتوں میں سائنسی سرگرمیوں میں بہتر انداز میں حصہ لے سکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ عملی سرگرمیوں سے طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں اور سائنسی تصورات کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔ آخر میں اسکول کے پرنسپل اور اساتذہ نے نمائش میں شرکت کرنے والے تعلیمی افسران کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 59

دیا کہ ٹیکس وصولی کے عمل کو آسان اور جدید بنایا جائے تاکہ صوبائی آمدنی میں اضافہ ممکن ہو سکے اور عوامی فلاح کے منصوبوں کو بروقت مکمل کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی معاشی خودمختاری اور ترقی کا دارومدار ایک مضبوط، شفاف اور فعال ٹیکس کے نظام پر ہے۔ ہمارا مقصد یقینی بنانا ہے کہ ڈیجیٹلائزیشن کے ذریعے نہ صرف ٹیکس چوری کا سد باب ہو بلکہ عام شہری اور ٹیکس دہندگان کے لیے بھی آسانیاں پیدا ہوں۔ تمام متعلقہ افسران اپنی ذمہ داریاں مکمل پیشہ ورانہ مہارت اور ایمانداری سے ادا کریں تاکہ صوبے کے تمام طے شدہ ریونیو اہداف کو وقت پر حاصل کیا جا سکے اور عوامی وسائل کا بہتر استعمال یقینی ہو۔ اجلاس میں چیئرمین بی آر اے عبداللہ خان بھی موجود تھے۔

بقیہ 60

درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کی پنشن کی ادائیگی فوری طور پر کی جائیں۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کو ماہانہ پنشن کی بحالی کے ساتھ ساتھ بقایاجات کی مد میں 4 لاکھ روپے کی ادائیگی بھی کر دی۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 61

اجرا اور متعلقہ امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر اسلحہ ڈیلرز کو درپیش مسائل سنے گئے اور متعلقہ قوانین و ضوابط کے تحت وضع کردہ معیاری طریقہ کار (SOPs) پر عمل درآمد کے حوالے سے بھی گفتگو کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے اسلحہ ڈیلرز پر زور دیا کہ وہ تمام قانونی تقاضوں اور جاری کردہ ایس او پیز پر عمل درآمد یقینی بنائیں، جبکہ متعلقہ امور میں شفافیت اور ریکارڈ کی درستگی کو بھی برقرار رکھا جائے۔

بقیہ 62

بھی کی گئی، جبکہ مرکز میں دستیاب طبی سہولیات اور ادویات کے ذخیرے کا جائزہ لیا گیا۔ ڈویژنل ڈائریکٹر نے صحت مرکز میں عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا معائنہ کرتے ہوئے طبی خدمات کی بہتری، عملے کی پابندی وقت اور مریضوں کو معیاری علاج کی فراہمی کی اہمیت پر زور دیا۔ حکومت بلوچستان کی عوام دوست پالیسیوں کے تحت دور دراز علاقوں میں صحت کی سہولیات کو بہتر بنانے اور عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری طبی خدمات کی فراہمی کے لیے اقدامات جاری ہیں۔

بقیہ 63

افراد جاں بحق اور تین زخمی ہو گئے، جبکہ جوابی فائرنگ کے تبادلے میں تین مشتبہ چوروں کی ہلاکت کی بھی اطلاعات ہیں۔ تفصیلات کے مطابق قلعہ عبداللہ میں کلی حاجی علی شاہ کے قریب مبینہ چوری کی کوشش کے دوران فائرنگ کا واقعہ پیش آیا۔ اطلاعات کے مطابق، ملزمان فرار ہو کر قریبی باغ میں جا چھپے، جہاں مقامی کوزئی قبائل کے افراد کے ساتھ ان کا طویل فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ اس دوران دو مقامی افراد، عصمت اللہ اور ان کا نوجوان بیٹا جاں بحق جبکہ تین افراد زخمی ہو گئے۔ فائرنگ کے تبادلے میں تین مشتبہ ملزمان بھی ہلاک ہوئے، تاہم ان کی شناخت کی حتمی تصدیق تاحال نہیں ہو سکی۔ واقعے کے بعد ایس پی کی سربراہی میں پولیس موقع پر پہنچ گئی۔ فائرنگ رکنے کے بعد علاقے کی صورت حال قابو میں بتائی جاتی ہے۔

بقیہ 64

سازگار ماحول فراہم کیا جائے تو وہ اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا سکتے ہیں۔ یہ کیمپس کی کامیابیوں کے نئے ریکارڈ اور باصلاحیت طلبہ کی قابلیت کا شاندار اعتراف ہے۔ انہوں نے پروفیسر ڈاکٹر عبدالسلام لودھی اور ان کی پوری ٹیم کو خراج تحسین کے مستحق قرار دیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں بیوٹمز یونیورسٹی ژوب کیمپس کے فیکلٹی ممبرز اور اسٹوڈنٹس سے انٹرایکشن کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر طلباء وطالبات نے مختلف سوالات کیے گئے جن کا فرداً فرداً گورنر بلوچستان تفصیلی جوابات دیئے۔

بقیہ 65

نے شرکت کی۔ اجلاس میں منصوبوں پر پیش رفت، درپیش مسائل اور آئندہ کے لائحہ عمل کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر بارکھان نے روڈ الائنمنٹ اور رائٹ آف وے (ROW) کی کلیئرنس، اسسٹنٹ کمشنر رکھنی نے کارٹ مارکیٹ کے سروے، جبکہ محکمہ مواصلات وتعمیرات کے حکام نے ماڈل بازار کے ترقیاتی کاموں سے متعلق پیش رفت سے آگاہ کیا۔ کارٹ ایریا کی سڑکوں اور ڈیزائن، بائی پاس روڈ پر شجرکاری اور جاری تعمیراتی کاموں سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔ کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ کام کی رفتار تیز کی جائے، متعلقہ محکموں کے مابین مؤثر رابطہ برقرار رکھا جائے اور منصوبوں میں مقررہ معیار پر ہر صورت عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ماڈل بازار، بائی پاس روڈ اور کارٹ مارکیٹ کے منصوبے رکھنی میں تجارتی سرگرمیوں کے فروغ، ٹریفک کی روانی اور شہری سہولیات میں بہتری کے لیے اہم ہیں۔ تمام متعلقہ محکمے اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کریں اور منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے عملی اقدامات اٹھائیں۔ حکومت بلوچستان کے ترقیاتی وژن کے تحت ان منصوبوں کی تکمیل سے رکھنی شہر میں جدید تجارتی سہولیات کے فروغ اور شہری ماحول و بنیادی ڈھانچے کی بہتری میں مدد ملے گی۔

مختصر اشتہارات

تلاش گمشدہ

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 54302-1006115-3 بنام نور احمد ولد حاجی سلطان محمد ضلع پشین تحصیل نانا صاحب کے آس پاس کہیں گر کر گم ہوگیا ہے۔ جس کسی کو ملے درج ذیل نمبر پر اطلاع دیں، 0330-1591777

المشتہر: نور احمد ولد حاجی سلطان محمد

تلاش گمشدہ

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 54401-2023371-3 بنام صفی اللہ ولد عبدالحکیم دوران سفر کہیں گم ہوگیا ہے۔ جس کسی کو ملے برائے مہربانی رابطہ نمبر: 0333-8498458 پر اطلاع دیں۔

المشتہر: صفی اللہ ولد عبدالحکیم

بقیہ 66

عملے سے ملاقات کر کے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے مریضوں اور ان کے لواحقین سے بھی بات چیت کی اور علاج معالجے کی سہولیات، درپیش مشکلات اور شکایات کے بارے میں دریافت کیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے ویکسینیشن یونٹ کا بھی معائنہ کیا اور وہاں فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے ہسپتال میں طبی سہولیات کی بہتری، مریضوں کو بروقت علاج کی فراہمی اور عوامی مسائل کے حل کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی، عملے کی حاضری اور ہسپتال کے انتظامی امور کو مؤثر بنانے کے لیے اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے اور اس سلسلے میں ہسپتالوں کی کارکردگی اور عوامی شکایات کا جائزہ لیا جاتا رہے گا۔

بقیہ 67

بروقت طبی سہولیات میسر آسکیں ملاقات میں گوادر ریزیڈنشل نرسنگ کالج اور جیونی تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں منظور شدہ آسامیوں پر تعیناتی، جیونی میں سرد خانے کے قیام کے لیے پیش رفت اور بنیادی مراکز صحت کی فعالیت سے متعلق امور زیر بحث آئے۔ دشت، مٹینگ اور دیگر علاقوں میں مزید بی ایچ یوز کے قیام کی ضرورت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا تاکہ دور دراز علاقوں کے عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی طبی سہولیات فراہم کی جاسکیں مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ ضلع گوادر میں صحت کے شعبے کو درپیش مسائل کے حل، ادویات کی مسلسل فراہمی، طبی عملے کی دستیابی اور صحت کے منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں، کیونکہ معیاری اور قابل رسائی طبی سہولیات عوام کا بنیادی حق ہیں ضلعی ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر یاسر طاہر نے ضلع کے ہسپتالوں اور مراکز صحت میں سہولیات کی بہتری اور عوام کو بہتر طبی خدمات کی فراہمی کے لیے جاری اقدامات سے آگاہ کیا اور اس سلسلے میں مزید مؤثر کوششوں کی یقین دہانی کرائی ملاقات میں حق دو تحریک بلوچستان کے ضلعی ذمہ داران بھی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کے ہمراہ موجود تھے۔

بقیہ 68

یونیورسٹی کے ملازمین کی تنخواہوں کی عدم ادائیگی، لال شاہ قبرستان کی اراضی پر مبینہ قبضے، اسلامی ریلیف کی جانب سے سیلاب متاثرین کے گھروں کی عدم تعمیر، جمعہ خان میموریل ہسپتال کی غیر فعالیت، تاجروں کو درپیش مسائل، نئے بس اڈے پر منتقلی کے حوالے سے خدشات اور گیس پائپ لائن کے ادھورے منصوبوں سمیت مختلف عوامی مسائل سے متعلق تحریری اور زبانی طور پر شکایات پیش کیں اور متعلقہ محکموں کی توجہ ان مسائل کے حل کی جانب مبذول کرائی۔

بقیہ 69

کے اہم شعبوں کے طور پر شناخت کیا گیا۔ کمیٹی موجودہ وسائل کا جائزہ لے گی، انتظامی خامیوں کی نشاندہی کرے گی اور ڈیجیٹل نظام کے مؤثر نفاذ کے لیے قابل عمل تجاویز پیش کرے گی۔ کمیٹی کو نوٹیفکیشن کے اجرا کے دس ورکنگ دنوں کے اندر جامع ڈیجیٹل تبدیلی کی تجویز پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ یہ اقدام جامعہ گوادر کے انتظامی و تعلیمی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے، ادارہ جاتی نظم و نسق کو مضبوط بنانے اور طلبہ، اساتذہ اور انتظامی عملے کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ اجلاس میں شعبہ کمپیوٹر سائنس کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر جمیل احمد، کیمسٹری ڈیپارٹمنٹ کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر عبداللہ، ڈائریکٹر آئی ٹی شہیک فتح اور کمپیوٹر سائنس ڈیپارٹمنٹ کے فیکلٹی ممبر فہد فیصل نے شرکت کی

بقیہ 70

تبدیلی کرنے کے بارے میں آگاہی فراہم کی۔ طلباء نے سیشن میں بھرپور دلچسپی کا مظاہرہ کرتے ہوئے موضوع سے متعلق مختلف سوالات کیے۔ سیشن کے اختتام پر کورس انسٹرکٹر ڈاکٹر غلام جان نے اپنا قیمتی وقت اور تجربہ طلباء کے ساتھ شیئر کرنے پر تمام مہمان مقررین کا شکریہ ادا کیا۔ یونیورسٹی کے ترجمان کے مطابق وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے اس طرح کی مفید سیشن کے انعقاد پر شعبہ مینجمنٹ سائنسز کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ مہارت پر مبنی ایسے سیشنز یونیورسٹی اور صنعت کے درمیان روابط کو مضبوط بنانے، طلباء کو کاروباری مواقع سے فائدہ اٹھانے میں مدد دینے اور معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

بقیہ 71

سائٹ پر ہے، پیٹرول اور ڈیزل پر لیوی 80 روپے لیٹر ہے۔ سینیٹر فاروق ایچ نائیک نے سوال کیا کہ پیٹرول کی خریداری کی لینڈنگ کاسٹ کیا ہے؟ خوراک کی قیمت میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمت بڑھنے پر اضافہ ہوتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ساڑھے چار لاکھ بیرل خام تیل یومیہ استعمال کرتے ہیں، مقامی طور پر ہم 60، 70 ہزار بیرل خام تیل پیدا کرتے ہیں۔ علی پرویز ملک نے بتایا کہ بلوچستان کے گیس کے 3 لاکھ صارف ہیں، ڈھائی لاکھ کوئٹہ میں ہیں۔ خیبرپختونخوا کو 30 ارب روپے گیس پر رائلٹی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امید کہ ریفائنریز اپنی صلاحیت بہتر کریں گی۔ ریفائنری کو آئی پی پی فارمولا کے تحت چلانا تھا۔

بقیہ 72

فتنہ الہندوستان کا دہشتگرد جہنم واصل ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق بولیدہ کے علاقے بیناز میں دہشتگردوں نے 2 خواتین کو اپنے ہمراہ لے جاتے ہوئے ناکہ بندی کی کوشش کی، سکیورٹی فورسز نے فرار ہونے والے دہشتگردوں کا تعاقب کیا تاہم اس دوران فائرنگ کے تبادلے میں ایک دہشتگرد ہلاک ہوگیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق بولیدہ کے علاقے بیناز میں فتنہ الہندوستان کے ہلاک دہشتگرد کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز کا علاقے میں ممکنہ طور پر موجود دیگر دہشتگردوں کے خاتمے کیلئے کلیئرنس آپریشنز جاری ہیں، بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائیاں بدستور جاری ہیں جو آخری دہشتگرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی۔

بقیہ 73

کہ خیبرپختونخوا میں پی ٹی آئی حکومت کو نالائق افسران کی وجہ سے نقصان ہوا، ان افسران کی وجہ سے سہیل آفریدی کے خلاف چالان جمع کیا گیا، اگلے وزیراعلیٰ کا تو پتہ نہیں کون ہوگا لیکن سہیل آفریدی وزیراعلیٰ نہیں رہیں گے۔ شیر افضل مروت نے کہا کہ آئین میں ایمرجنسی کیلئے کوئی مخصوص میعاد موجود نہیں، گورنر راج شاید 2 ماہ بعد ختم ہو جائے لیکن 12 اضلاع میں ایمرجنسی رہے گی۔ شیر افضل مروت نے کہا کہ جج اور عدلیہ آزاد نہیں، جسٹس محسن اختر کیانی مستعفی ہوگئے، عدلیہ ایک قابل اور مخلص جج سے محروم ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف تو نئے صوبوں کی حامی ہے، جنوبی اضلاع کا اپنا صوبہ بنتا ہے تو ہمارا اپنا وزیراعلیٰ، اپنی اسمبلی اور ہائیکورٹ ہوگی۔ پرانے نظام نے تو کچھ نہیں دیا، نئے نظام میں کوئی نقصان اگر بتا سکتا ہے تو آگاہ کردے۔ شیر افضل مروت نے کہا کہ کون سا لانگ مارچ تھا، دو ہزار لوگ نہیں ہوتے تھے۔

TENDER NOTICE

TSE-2627101216963 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Buildings Zhob invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1500 PKR and bid Security 3%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Construction of AC House Zhob	30,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 21,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm 3 Similar assignments must be 70% of the total amount of bid cost .Completed in last three years CDR 3% Of Estimated Cost from Shaduled Bank of pakistan & Green challan of amounting RS.1500 The bidder shall submit a Power of Attorney Rs.100/- judicial stamp paper, mentioning the name of work and TSE No., duly attested by the oath commissioner. In case of the owner, a self-authorization undertaking on stamp paper shall be provided. PEC Category Code is C-5 and above (Upto 65 million) 2026-27 **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 12 November, 2026till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System **Address:** District Zhob Phone no: 3013763038

Email: farooqtareen2018@gmail.com

Executive Engineer (Buildings) CWPP&H Department, District Zhob

DPRQ/PRQ No.2139/29-10-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

روزنامہ عوام

روزنامہ عوام وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہوتا ہے

آفس کوئٹہ فون نمبر 081-2832244 فیکس 081-2822255 اسلام آباد آفس فون نمبر 051-2890427 فیکس 051-2890437 حب آفس 32266 فیکس 32755

جمعہ 30 اکتوبر 2026ء

عوام کو صحت کی سہولیات کی موثر فراہمی

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت عوام کو صحت کی سہولیات کی آسان اور موثر فراہمی کے لیے پیپلز پرائمری ہیلتھ کیئر انسٹی ٹیوٹ پی پی ایچ آئی بلوچستان کی جانب سے متعارف کرائی گئی، موبائل ایپلیکیشن صحت دہلیز کے ذریعے لوگ گھر بیٹھے آن لائن طبی مشورہ حاصل کرنے اور صحت سے متعلق اپنا ریکارڈ محفوظ رکھنے جیسی سہولیات سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے، آبادی دور دور تک بکھری ہوئی ہے، بہت سے ایسے علاقے ہیں جہاں بنیادی طبی مراکز بھی موجود نہیں، اس صورتحال کا فائدہ عطائی ڈاکٹرز اٹھا رہے ہیں، کسی بھی ہنگامی صورتحال میں مریضوں کو ابتدائی طبی مشاورت حاصل کرنے کی سہولت مل سکے گی، اس اقدام سے لوگوں کی جانیں بچانے میں مدد مل سکے گی، ہم اپنے اس موقف کو ایک بار پھر دہرانا چاہتے ہیں کہ صوبے میں سرکاری ہسپتالوں اور بیسک ہیلتھ یونٹس میں ڈاکٹر اور طبی عملہ کی حاضری اور ادویہ کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے مزید اقدامات کئے جائیں، تاکہ مریضوں کو پرائیویٹ ہسپتالوں اور کلینکس پر انحصار نہ کرنا پڑے۔

چائے اور کھانے پینے کی اشیا کی قیمتوں میں اضافہ

کوئٹہ شہر میں ریستورانوں اور ہوٹلوں کے مالکان نے چائے اور کھانے پینے کی اشیا کے نرخوں میں 20 فیصد اضافہ کردیا ہے، ہم ضلعی انتظامیہ سے اس مسئلہ کا فوری نوٹس لینے اور سرکاری نرخوں کے تعین کا مطالبہ کرتے ہیں کہ سرکاری نرخنامہ کی خلاف ورزی کرنے والے ہوٹل مالکان کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔

ڈیجیٹل فراڈ کا بڑھتا ہوا خطرناک رجحان

تحریر۔ ڈاکٹر سرور حسین

اکیسویں صدی کے پہلے حصے میں ہی انسان نے ترقی کی ایسی حیرت انگیز منازل طے کی ہیں کہ دنیا سمٹ کر ایک چھوٹی سی اسکرین میں سما گئی ہے۔ موبائل فون اب محض رابطے کا ذریعہ نہیں رہا، بلکہ علم، تجارت، تعلیم، بینکاری اور روزمرہ زندگی کی بے شمار ضروریات کا مرکز بن چکا ہے۔ بظاہر یہ سہولتوں اور تن آسانی کی ایک ناقابل یقین جدید دنیا ہے، مگر اسی کے پردے میں دھوکے، فریب اور استحصال کا ایک جال بھی موجود ہے جو اتنا ہی ڈیجیٹلائز ہے جتنی یہ جدید دنیا۔ ڈیجیٹل فراڈ کا بڑھتا ہوا رجحان ہمارے معاشرے کے لئے محض مالی نقصان کا مسئلہ نہیں، بلکہ اعتماد، اخلاقیات، قانون اور انسانی تحفظ کا ایک سنگین مسئلہ بن چکا ہے۔ اس سے جڑے ہوئے افراد نے انسانی نفسیات اور جذبات کو ہی اپنا سب سے بڑا ہتھیار بنالیا ہے۔ کبھی موبائل فون پر بینک اکاؤنٹ بند ہونے کا پیغام آتا ہے، کبھی کسی انعام کے ملنے کی خوش خبری سنائی جاتی ہے، کبھی اکاؤنٹ کی تصدیق کے نام پر خفیہ معلومات حاصل کرلی جاتی ہیں اور اس طرح کے درجنوں واقعات اب معمول کا حصہ بن چکے ہیں۔ ان کے دو ہی بنیادی ہتھیار ہیں ایک خوف اور دوسرا لالچ کہ یہ دو ہی انسانی نفسیات کی سب سے بڑی کمزوری ہیں۔ بنیادی سوال یہ نہیں کہ لوگ دھوکہ کیوں کھا جاتے ہیں بلکہ یہ زیادہ قابل توجہ ہے کہ ٹیکنالوجی کی اتنی ترقی کے بعد دھوکا دینے والوں کیلئے یہ عمل اتنا آسان کیسے ہو گیا ہے۔ واٹس ایپ ہیکنگ اور سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر غیر قانونی قبضہ ڈیجیٹل جرائم کی ایسی صورتیں ہیں جن کے اثرات ایک فرد سے آگے پورے خاندان، دوستوں اور کاروباری حلقوں تک پھیل جاتے ہیں۔ کسی کا اکاؤنٹ ہیک ہونے کے بعد اس کے نام سے دوستوں اور عزیزوں کو پیغامات بھیجے جاتے ہیں، رقم مانگی جاتی ہے یا مشکوک روابط کھولنے پر آمادہ کیا جاتا ہے، چونکہ پیغام کسی اجنبی کے بجائے اپنے ہی کسی عزیز کے نام سے آتا ہے، اس لئے لوگ اکثر تصدیق کی ضرورت محسوس نہیں کرتے اور دھوکے کا شکار ہوجاتے ہیں۔

[illegible] یا دیگر خفیہ تصدیقی کوڈ کسی غیر مصدقہ شخص کو مت بتائیں لیکن اس کے باوجود نقصان کا دائرہ ہر آنے والے دن کے ساتھ بڑھتا جارہا ہے۔ سم بلاکنگ اور بینکنگ فراڈ کے حوالے سے ٹیلی فون آفیسر تک پہنچنے کا عمل اتنا طویل رکھا گیا ہے کہ اس تک پہنچتے پہنچتے بیشتر نقصان ہو چکا [illegible] پیچیدگیوں اور اداروں کے درمیان چکر لگانے والی کٹھ پتلی بنا کر ستم بالائے ستم والا معاملہ بنادیا جاتا ہے اور اس صورت میں زیادہ تر متاثرہ شخص خاموشی کو ہی عافیت سمجھنے لگتا ہے۔ قانون کا مقصد صرف مجرم کو سزا دینا نہیں، بلکہ جرم کے امکانات کم کرنا اور شہری کے اعتماد کو [illegible] نہیں، بلکہ اس میں اخلاقی زوال، کمزور نگرانی، ناکافی آگاہی اور لاقانونیت کا بڑھتا ہوا رجحان بھی اضافے کا سبب ہیں، جو ادارہ شکایت سننے اور اس پر فوری عملدرآمد میں غفلت کرتا ہے وہ بھی ان بڑھتے ہوئے جرائم میں کہیں نہ کہیں ذمہ دار ہوتا ہے۔ ٹیلی فون کمپنیوں کی [illegible] استعمال، ہمارے نظام اور ہمارے محتاط رویے سے جڑا ہوا ہے۔ اگر ہم نے شعور کو اپنی ڈھال، احتیاط کو اپنا اصول اور جواب دہی کو اپنا اجتماعی معیار بنا لیا تو ڈیجیٹل دنیا خوف کے بجائے سہولت، فریب کے بجائے اعتماد اور استحصال کے بجائے خدمت کا وسیلہ بن سکتی ہے۔

ایک اور "معاہدہ بدر"

تحریر۔ مصطفیٰ کمال پاشا

پاکستانی، سعودی عرب اور ترکیہ کے مکہ معاہدہ میں بندھنے کے بعد پاکستان، ترکیہ، قطر اور انڈونیشیا بھی ایک دفاعی معاہدہ بدر میں جڑ گئے ہیں۔ انڈونیشیا 29 کروڑ آبادی کے ساتھ دنیا کا چوتھا بڑا آبادی والا ملک ہے جبکہ عالم اسلام کا سب سے بڑا ملک ہے۔ پاکستان 26 کروڑ آبادی کے ساتھ دنیا کا پانچواں بڑا ملک ہے جبکہ عالم اسلام کا آبادی کے لحاظ سے دوسرا بڑا ملک ہے۔ پاکستان عالم اسلام کی واحد ایٹمی قوت ہے ترکیہ عالم اسلام کی جدید ترین فوجی قوت ہے، ناٹو کی واحد مسلم ریاست ہے۔ سعودی عرب اسلام آباد کا روحانی مرکز اور امیر ترین مسلم ریاست ہے اس کی آبادی 37 ملین نفوس پر مشتمل ہے، لیکن عالم اسلام میں اپنی وقعت اور احترام کے اعتبار سے اہم ترین مملکت ہے۔ قطر کی آبادی 32 ملین ہے لیکن گیس و تیل کی بے پناہ دولت کے لحاظ سے انتہائی اہم ریاست ہے۔ ترکیہ کی 88 ملین آبادی کو شامل کیا جائے تو ان پانچ ممالک کی مجموعی آبادی 71 کروڑ بنتی ہے اتنی بڑی آبادی پر مشتمل پانچ ممالک کا مکہ ڈیکلریشن اور معاہدہ بدر میں جڑ جانا کوئی معمولی بات نہیں ہے۔ دورِ حاضر کا اہم واقع بلکہ دورِ حاضر کے اہم واقعات میں سے ہے۔ مکہ ڈیکلریشن کے بارے میں بہت کچھ کہا گیا اور سنا جا چکا ہے ہمیں اس کی تفصیلات تو نہیں بتائی گئیں، مگر بشکریہ ترکیہ جس کی پارلیمان میں اسے منظوری کیلئے پیش کئے جانے کے لئے جب نشر کیا گیا تو ہمیں اس کی تفصیلات پتہ چلیں۔ بہت شاندار، مسلم دنیا کی ضروریات کے عین مطابق ہے مکہ ڈیکلریشن میں تینوں برادر ممالک نے ایک دوسرے کی قومی سلامتی کی حفاظت اور دشمنوں کے خلاف بنیان مرصوص کے طور پر اکٹھے رہنے کا عہد کیا ہے۔ معاہدہ بدر میں چاروں ممالک نے دفاعی تعاون کا عہد کیا ہے۔ دفاعی پیداوار، تکنیکی اور عسکری امور میں تعاون، قومی سلامتی واستحکام کیلئے ممالک ایک دوسرے سے تعاون کریں گے۔ برادر ممالک کے عہدو پیمان خوش آئند ہیں ان پر جتنی بھی تحسین کی جائے اتنی ہی کم ہے لیکن ذرا ٹھہریئے۔ ایسے معاہدوں کی تاریخ پر بھی نظر ڈالتے ہیں پھر دیکھتے ہیں کیا نتیجہ نکلتا ہے۔

آرگنائزیشن آف اسلامک کوآپریشن (او آئی سی) 57 ممالک پر ایک تنظیم ہے جو مسجد اقصیٰ پر ایک یہودی حملے کے بعد 25 ستمبر 1969ء کو مراکش کے دارالحکومت رباط میں قائم کی گئی تا کہ مسلم دنیا کی متحدہ آواز کی نمائندگی ہوسکے۔ 57 ممبر مسلم ممالک کے علاوہ اس میں پانچ ممالک آبزرور کی حیثیت سے شامل ہیں اس طرح اقوام متحدہ کے بعد یہ دنیا کی دوسری بڑی تنظیم ہے یہ تنظیم کسی گہرے فکر اور منصوبہ بندی کا نتیجہ نہیں ہے، بلکہ اس کا قیام ایک ہنگامی ردعمل کے طور پر عمل میں لایا گیا۔ 21 اگست 1969ء میں ایک آسٹریلوی ڈینس مائیکل روحان نے مسجد اقصیٰ کے ایک حصے کو آگ لگا کر تباہ کرنے کی کوشش کی اُس کی اس کوشش کے نتیجے میں 12 ویں صدی کے لکڑی کے سٹرکچر اور مسجد کے جنوبی حصے کی دیواروں اور کھڑکیوں کو برباد کیا گیا۔ ملعون نے صلاح الدین ایوبی کے منبر کو بھی نظر آتش کردیا۔ اس کا کہنا تھا کہ مجھے بشارت ہوئی ہے کہ اس جگہ کو یہودی معبد کی تعمیر کے لئے صاف اور ہموار کروں۔ اسرائیلی فوجیوں نے اسے گرفتار کیا اور اسرائیلی عدالت نے اسے ذہنی مریض قرار دے کر واپس آسٹریلیا بھجوا دیا۔ یہودی ایک عرصے سے اقصیٰ کے انہدام کے لئے کوشاں تھے او آئی سی کو بنے 57 سال ہو چکے ہیں اس کے درجنوں سربراہی اجلاس بھی منعقد ہوئے ہیں۔ وزارتی سطح پر ممبر ممالک کی کئی میٹنگز بھی ہوئی ہیں لیکن کیا اسرائیل اپنے ارادوں سے باز آیا ہے۔ یہودیوں نے اقصیٰ کے پیچھے سرنگیں کھود کر اپنی متبرکات کو تلاش کرنے کی کاوشیں بھی کی ہیں، کھدائی کے باعث مسجد کی بنیادیں کمزور ہوئی ہیں اور اس کے گرنے کا خطرہ پیدا ہو چکا ہے۔ او آئی سی کچھ بھی نہیں کر سکی، صیہونی اپنے تیسرے ہیکل کی تعمیر کے لئے یکسو ہیں، تیاریاں کر رہے ہیں، تیاریاں ہو چکی ہیں اور اب یہ صرف وقت کی بات ہے کہ وہ اس عمل کا آغاز کب کرتے ہیں ہم نے ری ایکشن میں آ کر او آئی سی تو بنا ڈالی لیکن عملاً کچھ بھی نہیں کر پائے۔

گلف کوآپریشن کونسل (جی سی سی) سات ممالک بشمول متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، قطر، کویت، بحرین، اومان اور عراق کا ایک سیاسی، معاشی اور دفاعی معاملات پر تعاون کا ادارہ ہے جسے 1981ء میں تشکیل دیا گیا تھا۔ گزرے 45 سالوں کے دوران اس کے درجنوں اجلاس ہوئے، لمبی لمبی میٹنگز میں بہت سے معاملات زیر بحث آئے لیکن عملاً کیا ہوا۔ عراق نے کویت پر چڑھائی کر کے خطے میں آتش و آہن کا دوزخ دہکایا، اربوں ڈالر کا نقصان ہوا، لاکھوں بے گھر ہوئے، ہلاک ہوئے، زخمی ہوئے۔ جی سی سی کچھ بھی نہیں کرسکی۔ امریکی افواج نے آ کر معاملات درست کئے، یعنی اپنے مفادات کے حصول کیلئے اور اپنے انداز میں معاملات ری سیٹ کئے، پھر ہم دیکھتے ہیں کہ سعودی عرب اور قطر کے درمیان معاملات اُلجھے، دونوں ایک دوسرے کے خلاف مورچہ زن ہوئے۔ کوئی اصولی معاملہ نہیں تھا بلکہ اَنا کے مسائل تھے بالکل ویسے ہی جس طرح عرب محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت مبارکہ کے وقت آپس میں دست و گریبان ہوا کرتے تھے، "کبھی گھوڑا آگے بڑھانے پہ جھگڑا، کبھی پانی پلانے پر جھگڑا" جیسے معاملات سعودی عرب، قطر تعلقات میں گرانی کے دوران دیکھے گئے۔ یو اے ای اور سعودی عرب کے درمیان تو کٹی ہو چکی ہے۔ یمن میں دونوں ممالک اپنے اپنے مفادات کے تحفظ میں مصروف ہیں اس طرح کی اور بھی مثالیں دی جاسکتی ہیں کہ عربوں و مسلمانوں کے مابین ہونے والے معاہدات کسی سوچی سمجھی طویل مدتی منصوبہ سازی کے لئے نہیں بلکہ کسی ردعمل کے طور پر یا وقتی مفادات کے حصول کیلئے ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ نتائج کے اعتبار سے ایسے معاہدے کاغذ کے ٹکڑوں کے سوا اور کچھ ثابت نہیں ہوئے۔ ہم مکہ معاہدے پر بہت خوش ہیں ویسے ہمیں خوش ہونا بھی چاہئے کہ یہ مکہ معاہدہ ہے پھر معاہدہ بدر پر بھی خوش ہونا چاہئے کہ یہ حق و باطل کے اولین معرکہ "جنگ بدر" کے نام پر رکھا گیا ہے، جذبات کے اعتبار سے تو یہ سب کچھ ٹھیک ہے لیکن زمینی حقائق کچھ اور کہتے ہیں۔ یہ دونوں معاہدے ردعمل اور خوف کا نتیجہ ہیں۔ فروری 2026ء میں شروع ہونے والی اسرائیل ایران جنگ اور اس کے نتیجے میں پھیلتی ہوئی ہلاکت اور تباہی نے بالخصوص عربوں پر خوف و ہراس کی کیفیت طاری کر دی ہے۔ اس لئے وہ حفاظتی بندوبست کرنے کیلئے ہاتھ پاؤں مار رہے ہیں یہ دونوں معاہدے اسی سوچ کا عکاس محسوس ہوتے ہیں۔

☆☆☆☆

شہباز سینئر نے سیاست میں آنے کا فیصلہ کرلیا

شہباز سینئر آئندہ عام انتخابات میں اپنے آبائی شہر فیصل آباد سے انتخابات میں حصہ لینے کا ارادہ رکھتے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان ہاکی ٹیم کے سابق کپتان شہباز سینئر نے سیاست میں آنے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کو 1994ء میں ہاکی میں ورلڈ کپ جتوانے والے 58 سالہ شہباز سینئر جلد اس حوالے سے باضابطہ اعلان کریں۔ شہباز سینئر آئندہ عام انتخابات میں اپنے آبائی شہر فیصل آباد سے انتخابات میں حصہ لینے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ شہباز احمد نے اپنے بین الاقوامی کیریئر میں 92 گول کیے، ان کی کپتانی میں ہی پاکستان نے آخری بار 1994ء میں ہاکی کا ورلڈ کپ جیتا تھا، وہ پہلے کھلاڑی ہیں جنہیں مسلسل 2 ہاکی ورلڈ کپ (1990 اور 1994) میں مین آف دی ٹورنامنٹ کا اعزاز ملا۔ اس کے علاوہ شہباز احمد سینئر ہاکی کے واحد کھلاڑی ہیں جنہیں حکومت پاکستان نے ہلال امتیاز کے ایوارڈ سے نوازا ہے، ان کا شمار نا صرف پاکستان بلکہ ہاکی کی تاریخ کے چند بہترین فارورڈز میں ہوتا ہے۔ شہباز احمد سینئر کو ان کی تیز رفتاری، حیران کن باڈی ڈاج، شاندار ڈربلنگ اور پھرتی کی وجہ سے میراڈونا آف ہاکی اور مین ود الیکٹرک ہیل جیسے القابات دیے گئے۔

نیمار پر حریف سے تلخ کلامی کے دوران منہ ڈھانپنے پر پابندی عائد

میدان میں بحث کے دوران منہ ڈھانپ کر ضابطے کی خلاف ورزی کی جسے ویسٹس جونیئر رول کہا جاتا ہے

بیونس آئرس (این این آئی) برازیل کے معروف فٹبالر اور سانتوس کے کپتان نیمار کو دوران میچ حریف کھلاڑی سے بحث کرتے ہوئے منہ ڈھانپنے پر دو میچز کی پابندی کا سامنا کرنا پڑ گیا ہے۔ عالمی میڈیا رپورٹ کے مطابق برازیل کی سپیریئر کورٹ آف اسپورٹس جسٹس (ایس ٹی جے ڈی) نے سزا کا اعلان کیا۔ 34 سالہ نیمار کو ہفتے کے روز باہیا کے خلاف برازیلین سیری اے کے میچ میں 1-1 سے ڈرا کے دوران باہیا کے مڈفیلڈر روڈریگو نیسٹر کے ساتھ تلخ کلامی کے بعد ریڈ کارڈ دکھایا گیا تھا۔ اسپورٹس ٹریبونل کے مطابق نیمار نے میدان میں بحث کے دوران منہ ڈھانپ کر اس ضابطے کی خلاف ورزی کی جسے ویسٹس جونیئر رول کہا جاتا ہے۔ ریفری کی رپورٹ میں بتایا گیا کہ میدان سے باہر بھیجے جانے کے بعد نیمار حریف ٹیم کے بینچ کی جانب بڑھے جہاں انہیں ساتھی کھلاڑیوں نے روکنے کی کوشش کی۔ پابندی کے باعث نیمار سانتوس کے آئندہ تین میچز میں شرکت نہیں کرسکیں گے۔ وہ پہلے ہی تین یلو کارڈز جمع ہونے کے باعث بدھ کو پالمیراس کے خلاف میچ سے باہر تھے۔

رونالڈو نے میسی کو پیچھے چھوڑ دیا، 2008 کا بیلن ڈی بہترین قرار

بیلن ڈی اور کی 70 ویں سالگرہ کے موقع پر متعارف کرائے گئے خصوصی ایوارڈ میں رونالڈو پہلے نمبر پر رہے

رونالڈو نے 200-08 کے سیزن میں مانچسٹر یونائیٹڈ کے لیے تمام مقابلوں میں 42 گول کیے اور ٹیم کو پریمیئر لیگ اور چیمپئنز لیگ جتوانے میں اہم کردار ادا کیا تھا

برلن (این این آئی) پرتگال کے اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے ایک بار پھر اپنے دیرینہ حریف لیونل میسی کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ مانچسٹر یونائیٹڈ کے لیے ان کے 008 کے شاندار سیزن کو بیلن ڈی اور جیتنے والے تمام سیزنز میں بہترین قرار دیا گیا ہے۔ فرانس فٹبال کی جانب سے بیلن ڈی اور کی 70 ویں سالگرہ کے موقع پر متعارف کرائے گئے خصوصی ایوارڈ بی او اے ٹی کیلئے شائقین نے ووٹنگ کی جس میں رونالڈو پہلے نمبر پر رہے۔ رپورٹ کے مطابق ووٹ ڈالنے کے لیے ایک یورو فیس مقرر تھی اور شائقین متعدد بار ووٹ دے سکتے تھے۔ ارجنٹائن کے لیونل میسی 2012 کے سیزن کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہے جب انہوں نے ایک کیلنڈر ایئر میں ریکارڈ 91 گول کیے تھے جبکہ رونالڈو کا 2017 میں ریال میڈرڈ کے ساتھ سیزن تیسرے نمبر پر آیا تاہم ووٹنگ کے اس طریقہ کار پر سوالات اٹھائے جا رہے ہیں کیونکہ زیادہ رقم خرچ کر کے زیادہ ووٹ ڈالنا ممکن تھا۔ منتظمین کے مطابق پانچ ہزار سے زائد افراد نے ایک سے زیادہ مرتبہ ووٹ دیا۔ رونالڈو نے 2007-08 کے سیزن میں مانچسٹر یونائیٹڈ کے لیے تمام مقابلوں میں 42 گول کیے اور ٹیم کو پریمیئر لیگ اور چیمپئنز لیگ جتوانے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ واضح رہے کہ یہ اعزاز عوامی ووٹنگ کا نتیجہ ہے کوئی باضابطہ بیلن ڈی اور یا سپر بیلن ڈی اور ایوارڈ نہیں۔

پاکستان، ایران میں فٹ بال فروغ کیلئے اہم معاہدہ

پاکستانی کھلاڑیوں اور کوچز کے لیے تربیتی کیمپس اور کوچنگ ایجوکیشن پروگرامز کا اہتمام کیا جائے گا

لاہور (این این آئی) پاکستان اور ایران کے درمیان فٹ بال کے فروغ کے لیے اہم معاہدہ طے پا گیا۔ پاکستان فٹبال فیڈریشن (پی ایف ایف) کے صدر سید محسن گیلانی اور ایرانی فٹبال فیڈریشن کے صدر مہدی تاج نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے۔ معاہدے کا مقصد پاکستان اور ایران کے درمیان فٹبال روابط کو مزید مضبوط بنانا ہے، معاہدے کے تحت نوجوان کھلاڑیوں، کوچز اور تکنیکی عملے کے تبادلوں کے مواقع پیدا ہوں گے۔ پاکستانی کھلاڑیوں اور کوچز کے لیے تربیتی کیمپس اور کوچنگ ایجوکیشن پروگرامز کا اہتمام کیا جائے گا۔ پاکستان اور ایران کے درمیان فٹبال میچز کے انعقاد کے مواقع بھی پیدا ہوں گے، ایران کے یوتھ فٹبال اور فٹسال کے تجربے سے پاکستان استفادہ کرے گا۔

ٹورنامنٹ کے دوسرے میچ میں واریئرز نے چیمپئنز کو پانچ وکٹوں سے شکست دے دی

فیصل آباد (این این آئی) پی سی بی ویمنز سپر تھری ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ کے دوسرے میچ میں واریئرز نے چیمپئنز کو پانچ وکٹوں سے شکست دے دی، واریئرز نے 165 رنز کا ہدف انیس اعشاریہ پانچ اوورز میں حاصل کیا، واریئرز کی جانب سے ایمان فاطمہ کی دھواں دھار بیٹنگ کی، پانچویں نمبر پر کھیلتے ہوئے ایمان فاطمہ نے ناقابل شکست 88 رنز کی اننگز کھیلی، ایمان فاطمہ نے 39 گیندوں آٹھ چھکے اور پانچ چوکے لگائے، ایمان فاطمہ کے وکٹ پر آنے پر واریئرز کو 72 گیندوں پر 117 رنز چاہیے تھے، چیمپئنز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے شوال ذوالفقار کے 44 اور سائرہ جبین کے ناقابل شکست 33 رنز کی مدد سے 164 رنز بنائے، شوال ذوالفقار نے اپنی اننگز میں تین چھکے اور دو چوکے، جبکہ سائرہ نے پانچ چوکے اور ایک چھکا لگایا۔

ٹیسٹ کرکٹ کی 150 ویں سالگرہ، پاکستان کے 3 سابق کپتان بھی مدعو

میچ آئندہ برس 11 سے 15 مارچ تک میلبرن کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلا جائے گا

لاہور (این این آئی) ٹیسٹ کرکٹ کی 150 ویں سالگرہ کے موقع پر پاکستان کے 3 سابق کپتانوں ظہیر عباس، وسیم اکرم اور وقار یونس کو مدعو کرلیا گیا۔ ٹیسٹ کرکٹ کی 150 ویں سالگرہ کے موقع پر آسٹریلیا اور انگلینڈ کی ٹیمیں تاریخی ٹیسٹ میچ میں مدمقابل ہوں گی، یہ میچ آئندہ برس 11 سے 15 مارچ تک میلبرن کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلا جائے گا۔ کرکٹ آسٹریلیا تاریخی ٹیسٹ میچ کے موقع پر مختلف تقریبات کا بھی انعقاد کرے گا جبکہ ٹیسٹ میچ دیکھنے کے لیے دنیا بھر سے مہمانوں کو مدعو کیا جارہا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ دنیا کے دیگر ممالک کے سابق کپتانوں اور نامور کھلاڑیوں کو بھی اس تاریخی ٹیسٹ کے موقع پر دعوت دی گئی ہے جبکہ آسٹریلیا اور انگلینڈ کے سابق اور معمر کرکٹرز بھی تقریب میں شریک ہوں گے۔ کرکٹ آسٹریلیا اس یادگار موقع پر مختلف تقریبات کے انعقاد کے ساتھ خصوصی طور پر تیار کردہ سووینیئرز بھی پیش کرے گا۔

ہانگ کانگ سکسز ٹورنامنٹ کی ٹرافی کی رونمائی، تمام ٹیموں کے کپتانوں کی شرکت

پاکستان ٹیم (آج) پہلا میچ یو اے ای اور دوسرا میچ انڈیا کے خلاف کھیلے گی، تین روزہ ٹورنامنٹ میں 12 ٹیمیں حصہ لیں گی

ہانگ کانگ (این این آئی) ہانگ کانگ سکسز ٹورنامنٹ کی ٹرافی کی رونمائی کر دی گئی۔ ٹرافی کی رونمائی کی تقریب میں پاکستان سمیت تمام ٹیموں کے کپتانوں نے شرکت کی، عباس آفریدی ہانگ کانگ سکسز میں پاکستان ٹیم کی قیادت کریں گے، ہانگ کانگ سکسز ٹورنامنٹ 30 اکتوبر سے یکم نومبر تک کھیلا جائے گا، پاکستان ٹیم (آج) جمعہ کو پہلا میچ یو اے ای اور دوسرا میچ انڈیا کے خلاف کھیلے گی، تین روزہ ٹورنامنٹ میں 12 ٹیمیں حصہ لیں گی، 12 ٹیموں کو چار گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے، پاکستان گروپ سی میں شامل ہے، پاکستان اسکواڈ میں کپتان عباس آفریدی، عبدالصمد اور احمد دانیال شامل ہیں، محمد عرفان خان، خواجہ نافع، محمد شہزاد اور سعد مسعود بھی قومی اسکواڈ کا حصہ ہیں۔

آزاد فٹ بال کلب بہاولپور کے جنرل سیکرٹری ریاض احمد اعوان گزشتہ روز بہاولپور میں انتقال کرگئے

بہاولپور (این این آئی) آزاد فٹ بال کلب بہاولپور کے جنرل سیکرٹری ریاض احمد اعوان گزشتہ روز بہاولپور میں انتقال کرگئے ہیں ان کی وفات پر ملک بھر سے فٹ بال تنظیموں کے عہدیداروں، ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوی ایشن راولپنڈی کے صدر راجہ محمد اشتیاق، ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوی ایشن ڈیرہ غازی خان کے چیئرمین محمد صدیق بھٹی، نیشنل ریفری محمد سجاد ہجو اور ساجد رفیق نے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

پاکستان انڈر 19 کرکٹ ٹیم ایشیا کپ میں شرکت کے لیے عمان روانہ

کپتان فرحان یوسف کی قیادت میں قومی جونیئر ٹیم ٹائٹل کا دفاع کرے گی، پاکستان کا پہلا مقابلہ 6 نومبر کو متحدہ عرب امارات سے ہوگا

کراچی (این این آئی) پاکستان انڈر 19 کرکٹ ٹیم اے سی سی میز انڈر 19 ایشیا کپ میں شرکت کے لیے جمعرات کی صبح کراچی سے عمان روانہ ہوگئی۔ قومی جونیئر ٹیم کپتان فرحان یوسف کی قیادت میں ایونٹ میں شرکت کرے گی اور ٹائٹل کے دفاع کے لیے میدان میں اترے گی۔ ٹورنامنٹ میں پاکستان اپنا پہلا میچ 6 نومبر کو متحدہ عرب امارات کے خلاف کھیلے گا، جبکہ 8 نومبر کو روایتی حریف بھارت اور 10 نومبر کو نیپال سے مقابلہ ہوگا۔ ایونٹ کے سیمی فائنلز 12 نومبر کو کھیلے جائیں گے، جبکہ ٹورنامنٹ کا فائنل 14 نومبر کو شیڈول ہے۔ پاکستانی ٹیم ٹائٹل کے دفاع کے عزم کے ساتھ عمان روانہ ہوئی ہے، جہاں قومی کھلاڑی ایشیا کپ میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گے۔

میرپور ٹیسٹ، واریکن کی بولنگ کے سامنے بنگلا دیشی بیٹرز بے بس، 272 رنز پر آل آؤٹ

میرپور (این این آئی) ویسٹ انڈیز کے اسپنر جومیل واریکن کی شاندار بولنگ نے بنگلا دیش کی بیٹنگ لائن کو تہس نہس کردیا۔ دوسرے روز بنگلا دیش نے 213 رنز پر تین وکٹوں کے نقصان سے کھیل شروع کیا تاہم واریکن کی تباہ کن بولنگ کے باعث پوری ٹیم آخری سات وکٹیں صرف 59 رنز کے اضافے پر گنوا بیٹھی اور اپنی پہلی اننگز میں 272 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ واریکن نے 53 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں جوان کے ٹیسٹ کیریئر میں پانچویں مرتبہ پانچ وکٹیں لینے کا کارنامہ ہے۔ بنگلا دیش کی آخری پانچ وکٹیں محض 19 رنز پر گریں جبکہ لٹن داس 34 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ شدمان اسلام نے دوسرے دن کے آغاز پر اپنی تیسری ٹیسٹ سنچری مکمل کی۔ انہوں نے 234 گیندوں پر 105 رنز بنائے جس میں 11 چوکے شامل تھے

چیئرمین پی سی بی کی جانب سے سہ ملکی سیریز کی ٹیموں کے اعزاز میں عشائیہ

کھلاڑی شاہی مہمان بن گئے، شاہی استقبال ہوا تو شاہی تواضع کی گئی، کھلاڑیوں، کوچنگ اور مینجمنٹ اسٹاف کی شرکت

غیر ملکی کھلاڑیوں نے رنگیلا رکشہ کی سواری کو بہت انجوائے کیا، ڈھولیچی گروپ کی شاندار پرفارمنس نے سماں باندھ دیا

لاہور (این این آئی) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی جانب سے سہ ملکی سیریز میں حصہ لینے والی ٹیمز کے کھلاڑیوں اور آفیشلز کے اعزاز میں خصوصی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ شاہی قلعہ لاہور میں ہونے والے عشائیے میں انگلینڈ، سری لنکا اور پاکستان ٹیم کے کھلاڑی شاہی مہمان بن گئے جن کا شاہی استقبال ہوا تو شاہی تواضع بھی کی گئی۔ تقریب میں کھلاڑیوں، کوچنگ اور مینجمنٹ اسٹاف نے شرکت کی، چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے عالمگیری دروازے پر تمام ٹیموں کے کھلاڑیوں اور آفیشلز کو خوش آمدید کہا۔ اس موقع پر کھلاڑیوں اور میچ آفیشلز کو بادشاہی مسجد، مزار اقبال اور حضوری باغ کا ٹور بھی کرایا گیا، غیر ملکی کھلاڑی اس دورے سے کافی محظوظ ہوئے۔ دوران تقریب غیر ملکی کھلاڑیوں نے رنگیلا رکشہ کی سواری کو بہت انجوائے کیا جبکہ ڈھولیچی گروپ کی شاندار پرفارمنس نے سماں باندھ دیا جس پر غیر ملکی پلیئرز نے بھرپور داد دی۔ دیوان خاص میں مغلیہ دور کے لباس میں ملبوس دربانوں نے غیر ملکی مہمانوں کا استقبال کیا جبکہ کھلاڑیوں اور آفیشلز کو دیوان عام، بارود خانہ، شیش محل کی بھی سیر کرائی گئی اور شاہی قلعہ کی تاریخ سے متعلق آگاہی دی گئی، کھلاڑیوں نے اس کی تاریخی حیثیت میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر محسن نقوی نے کہا کہ آپ سب ہمارے خصوصی مہمان ہیں، پاکستان پرامن اور محفوظ ملک ہے، پاکستانی قوم کرکٹ کے کھیل سے خصوصی لگاؤ رکھتی ہے۔ تقریب میں سری لنکا کے سفارتکاروں، چیف سیکرٹری پنجاب، سابق چیئرمین پی سی بی ذکاء اشرف، رمیز راجا، سابق کرکٹرز، چیف آپریٹنگ آفیسر پی سی بی، چیف ایگزیکٹو آفیسر پی ایس ایل اور اعلیٰ حکام نے بھی شرکت کی۔



JOIN PAKISTAN NAVY - BALOCHISTAN QUOTA

سرکاری ملازمت اختیار کریں۔۔۔بلوچستان کوئٹہ

سرکاری خدمت ء هوار بیت --- بلوچستان ء کوئٹہ

Your Land. Your Future. Your Pakistan.

آپ کی سرزمین۔ آپ کا مستقبل۔ آپ کا پاکستان۔

Courage, Honour and Loyalty — The Identity of Balochistan's Youth

ہمت، غیرت اور وفا۔۔۔پہچان بلوچستان کے جوان کی

Positions available	BPS	NO OF VACANCIES	AGE LIMIT	LAST QUALIFICATION
-	1-15	69	18-35 18-30 for Lady Constable 18-38 for Assistant	As per requirement

آسامیاں برائے پاکستان نیوی عمر 30 نومبر 2026 تک 18-35 سال ماسوائے آسامی نمبر 1 اور 19

نمبر شمار	برانچ / کیٹگری	آسامیاں	تعلیمی قابلیت / تجربہ	جنس
1	اسسٹنٹ (بی پی ایس-15)	(01)	☆بیچلرز ڈگری	مرد/خواتین
2	ڈیٹا انٹری آپریٹر (بی پی ایس-14)	(05)	☆بیچلرز ڈگری (فزکس/میتھ/شماریات/اکنامکس)	مرد/خواتین
3	سپورٹس کوچ (بی پی ایس-14)	(01)	☆میٹرک ☆کام میں پریکٹیکل تجربہ	مرد
4	لینگوئج انٹرپریٹر (عربی) (بی پی ایس-14)	(01)	عربی زبان میں ماسٹر ڈگری بمع انٹرپریٹر میں پہلے سے تجربہ	مرد/خواتین
5	سب انجینئر (بی پی ایس-14)	(01)	☆گریجویٹ/ڈی اے ای	مرد
6	یو ڈی سی (بی پی ایس-13)	(02)	☆انٹرمیڈیٹ	مرد/خواتین
7	لیڈنگ مین (بی پی ایس 12) (الیکٹریکل، الیکٹرونکس، مکینیکل، کنسٹرکشن، میکاٹرونکس)	(03)	متعلقہ فیلڈ میں بی ٹیک (B Tech) اور چار سال کا تجربہ	مرد
8	اسسٹنٹ لیڈنگ مین (بی پی ایس 11) (الیکٹریکل، الیکٹرونکس، مکینیکل، کنسٹرکشن، میکاٹرونکس)	(02)	متعلقہ فیلڈ میں بی ٹیک (B Tech) اور دو سال کا تجربہ یا DAE (ڈی اے ای) اور چھ سال کا تجربہ	مرد
9	ایل ڈی سی (بی پی ایس-11)	(02)	☆میٹرک	مرد/خواتین
10	ٹیلی پرنٹر کم سائفر مشین مکینک (بی پی ایس-11)	(01)	☆میٹرک ☆ اسوسی ایٹ انجینئر (الیکٹرونکس) میں 03 سال کا ڈپلومہ (DAE) ☆ ٹیلی پرنٹر کی ریپئرنگ اور مینٹیننس میں 03 سال کا تجربہ	مرد
11	نرسنگ سسٹر/انی میل نرس (بی پی ایس-10)	(03)	☆میٹرک ☆ کوالیفائیڈ نرسنگ سرٹیفکیٹ ☆ کسی گورنمنٹ یا سول ہسپتال میں 03 سال کا تجربہ	خواتین
12	سٹیٹ انسپکٹر (بی پی ایس-10)	(01)	☆گریجویٹ	مرد
13	ٹیلیفون آپریٹر (بی پی ایس-09)	(01)	☆انٹرمیڈیٹ ☆ متعلقہ فیلڈ میں دو سال کا تجربہ	مرد/خواتین
14	انجن ڈرائیور-I (بی پی ایس-09)	(01)	☆انٹرمیڈیٹ	مرد
15	جونیئر انسٹرکٹر (بی پی ایس-07)	(01)	☆میٹرک ☆متعلقہ ٹریڈ میں صلاحیت اور تجربہ	مرد/خواتین
16	ریپشنسٹ (بی پی ایس-07)	(01)	☆انٹرمیڈیٹ	مرد
17	سٹور مین (بی پی ایس-07)	(05)	☆میٹرک ☆متعلقہ ٹریڈ میں پوسٹ کوالیفکیشن تجربہ رکھنے والے کو ترجیح دی جائے گی	مرد
18	مڈوائف (بی پی ایس-07)	(01)	☆ترجیحاً میٹرک ☆مڈوائفری میں سرٹیفکیٹ، جنرل نرسنگ اور سروس ہسپتال میں کام کرنے کا تجربہ	خواتین
19	لیڈی پولیس کانسٹیبل (بی پی ایس 05)	(02)	☆میٹرک ☆ قد کم از کم "5'2" ☆بینائی 6/6 ☆عمر کی حد 30 نومبر 2026 تک 18 سے 30 سال	خواتین
20	ٹریسر (بی پی ایس 05)	(01)	☆میٹرک ☆ کام میں پریکٹیکل تجربہ	مرد
21	ایل ڈی سی مونیٹر (بی پی ایس-05)	(06)	☆میٹرک سائنس کے ساتھ	خواتین
22	MT ڈرائیور سول (بی پی ایس 04)	(01)	☆ ترجیحاً مڈل پاس بمعہ HTV لائسنس ☆LTV لائسنس	مرد
23	ڈسپیچ رائیڈر (بی پی ایس 04)	(01)	☆ ترجیحاً مڈل پاس بمعہ HTV لائسنس ☆LTV لائسنس	مرد
24	سکلڈ (الیکٹریکل، الیکٹرونکس، مکینیکل، کنسٹرکشن) (بی پی ایس 04)	(04)	☆میٹرک سائنس بمع کم از کم 50% نمبر ☆چھ ماہ کا سرٹیفائڈ کورس جو کسی بھی متعلقہ ٹیکنالوجی میں کسی تسلیم شدہ ادارے سے پاس کیا ہو ☆ متعلقہ شعبہ میں دو سال کا تجربہ	مرد
25	اے سی آپریٹر (بی پی ایس 04)	(01)	☆ مڈل	مرد
26	لفٹ/فورک آپریٹر (بی پی ایس 04)	(01)	☆ مڈل	مرد
27	مشین ہیلپر (بی پی ایس 03)	(01)	☆ مڈل	مرد
28	نائب قاصد (بی پی ایس-01)	(13)	☆پرائمری پاس	مرد
29	سینٹری ورکر (بی پی ایس-01)	(02)	☆پرائمری پاس	مرد
30	انسکلڈ ورک مین (بی پی ایس-01)	(01)	☆پرائمری پاس	مرد
31	مالی (بی پی ایس-01)	(01)	☆پرائمری پاس	مرد
32	گراؤنڈ مین (بی پی ایس-01)	(01)	☆پرائمری پاس	مرد

شرائط و ضوابط

(متعلقہ محکموں کی جانب سے جہاں قابل اطلاق ہو، حکومتِ پاکستان کی متعلقہ چھوٹ کا ذکر کیا جائے۔)

نامکمل درخواستیں قابل قبول نہیں ہوں گی۔

1۔ تقرری ڈومیسائل سرٹیفکیٹ اور متعلقہ محکمہ سے تعلیمی ڈگری کی تصدیق سے مشروط ہوگی۔ اگر کسی امیدوار کے پاس دوہرا ڈومیسائل پایا گیا یا وہ کسی دوسرے صوبے کا ڈومیسائل رکھتا ہو تو اسے فوری طور پر نااہل قرار دے دیا جائے گا۔

کسی بھی ادارے سے برطرف یا ملازمت سے نکالے گئے ملازمین، یا جن کا نظم وضبط کے حوالے سے ریکارڈ خراب ہو، وہ اہل نہیں ہوں گے۔

2۔ اگر کسی بھی مرحلے پر کوئی دستاویز جعلی یا بوگس پائی گئی تو متعلقہ امیدوار کی امیدواری منسوخ کر دی جائے گی۔

عمر کی حد: 18 سے 25 سال، اس کے علاوہ 5 سال کی عمومی عمر میں رعایت اور بلوچستان سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کے لیے مزید 5 سال کی خصوصی رعایت، جیسا کہ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کے نوٹیفکیشن مورخہ 22-10-2026 میں درج ہے۔

4۔ سرکاری ملازمین کو مناسب طریقہ کار کے تحت درخواست جمع کروانا ہوگی اور انٹرویو کے وقت اپنے متعلقہ محکمے سے تازہ ترین این او سی (عدم اعتراض سرٹیفکیٹ) پیش کرنا ہوگا۔

5۔ اہل اور رجسٹرڈ امیدواروں کو بلوچستان فیڈرل ایمپلائمنٹ فسیلیٹیشن سیل (BEFC) کی بھرتی مہم کے تحت کوئٹہ، گوادر یا بلوچستان کے کسی بھی دیگر ضلع میں منعقد ہونے والے انٹرویوز میں شرکت کرنا ہوگی۔

6۔ امیدوار انٹرویو کے وقت درج ذیل اصل دستاویزات اور ایک ایک فوٹو کاپی ساتھ لائیں:

- اصل تعلیمی اسناد
- ایک عدد پاسپورٹ سائز تصویر
- شناختی کارڈ (CNIC)
- ڈومیسائل سرٹیفکیٹ
- تعلیمی اسناد کی تصدیق شدہ نقول

تحریری امتحان اور انٹرویو کے لیے ٹی اے / ڈی اے (سفر یا یومیہ الاؤنس) ادا نہیں کیا جائے گا۔

7۔ غلط معلومات: اگر امیدوار کی جانب سے فراہم کردہ کوئی بھی معلومات یا دستاویز کسی بھی مرحلے پر، حتیٰ کہ ملازمت پر تعیناتی کے بعد بھی، غلط، جعلی یا بوگس ثابت ہوئی تو اس کی ملازمت ختم کر دی جائے گی اور اس کے خلاف قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔

عمومی معلومات:

بلوچستان کے اضلاع میں نئے قائم کردہ ایمپلائمنٹ سیلز (روزگار مراکز) کی مدد سے خصوصی بنیادوں پر بھرتیاں ضلعی سطح پر امیدواروں کی دہلیز تک کی جائیں گی، تاکہ مقامی رہائشیوں کی بھرتی کو یقینی بنایا جا سکے۔

تمام بھرتیاں (BPS-1 سے BPS-16 تک) واک ان انٹرویو (براہ راست انٹرویو) کے ذریعے کی جائیں گی۔ اس مقصد کے لیے انٹری ٹیسٹ اور تحریری امتحان نہیں ہوگا۔

بالائی عمر کی حد میں موجودہ 3 سال کی رعایت کے بجائے 5 سال کی اضافی رعایت دی جائے گی، جو پہلے سے دستیاب عمومی عمر کی 5 سالہ رعایت کے علاوہ ہوگی۔

تحریری یا اسکریننگ ٹیسٹ کی شرط سے استثنیٰ۔

خواتین کے لیے 10 فیصد اور اقلیتوں کے لیے 5 فیصد کوٹہ مختص کرنے کے اصول پر عمل کیا جائے گا۔

PID(I)3985/26

پاکستان نیوی میں بھرتی کے شیڈول کیلئے www.joinpaknavy.gov.pk وزٹ کریں

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے چیف ایگزیکٹو آفیسر الطاف ڈویلپمنٹس الطاف خان کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے

تعلیم پر سرمایہ کاری دراصل پورے خطے کی خوشحالی پر سرمایہ کاری ہے، گورنر بلوچستان

بیوٹمز یونیورسٹی ژوب کیمپس کے دو ہونہار طلبہ ثناء اللہ اور محمد اخلاص نے کمپیوٹر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کیلئے آٹانومس ریجن فل فنڈڈ اسکالرشپ حاصل کرلی ہے

ژوب ڈویژن کو پورے خطے کیلئے "ہب آف ماڈرن ایجوکیشن" بنانے کا خواب اب حقیقت کا روپ دھار رہا ہے، جعفرخان مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ الحمدللہ! آج ہمارے لیے دو بڑی خوشخبریاں باعث مسرت وافتخار ہیں۔ پہلی خوشخبری یہ ہے کہ پاکستان بھر میں سخت مقابلہ کے نتیجے میں بیوٹمز یونیورسٹی ژوب کیمپس کے دو ہونہار طلبہ ثناء اللہ اور محمد اخلاص نے کمپیوٹر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کیلئے آٹانومس ریجن فل فنڈڈ اسکالرشپ حاصل کرلی ہے۔ دونوں طلبہ آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور سائبر سیکیورٹی کے شعبوں میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کیلئے چائنا جائینگے۔ دوسری بڑی خوشخبری یہ ہے کہ بیوٹمز ژوب کیمپس کے 14 طلبہ نے پبلک سروس کمیشن کے مقابلے کے امتحان میں نمایاں نمبروں کے ساتھ کامیابی حاصل کی ہے۔ یہ نتائج اس حقیقت کی عکاسی کرتے ہیں کہ اگر نوجوانوں کو معیاری تعلیم، بہتر مواقع اور (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 64)

قلعہ عبداللہ، مقامی قبائل اور مشتبہ چوروں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ، دو افراد جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) قلعہ عبداللہ کے علاقے ماچکہ میں مبینہ چوری کی کوشش کے دوران فائرنگ کے نتیجے میں دو مقامی (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 63)

تمام متعلقہ محکمے اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کریں، مجیب الرحمن

منصوبوں میں مقررہ معیار پر ہر صورت عمل درآمد یقینی بنایا جائے

بارکھان/رکھنی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات کی روشنی میں کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمٰن قمبرانی کی زیر صدارت ماڈل بازار رکھنی، رکھنی بائی پاس روڈ اور کارٹ مارکیٹ کے جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ، اسسٹنٹ کمشنر رکھنی فہد حسین عمرانی، ایس ای محکمہ مواصلات و تعمیرات عبدالرزاق، ایکسیئن فضل محمد زرکون، آر ای عبداللہ خان، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع جلال خان، ڈی ایف او زبیر خان، ایس ڈی او واپڈا عبدالغفار حسنی اور دیگر متعلقہ افسران (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 65)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کا شہید بے نظیر ہسپتال کا دورہ

مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے اسسٹنٹ کمشنر سٹی کوئٹہ امیر حمزہ کے ہمراہ شہید بے نظیر ہسپتال کوئٹہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبوں، طبی سہولیات اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) ڈاکٹر شہزاد واحد نے ڈپٹی کمشنر کو ہسپتال کے مسائل، ضروریات، او پی ڈی، ایمرجنسی سروسز، ڈاکٹروں اور دیگر عملے کی دستیابی سمیت ایل ایم او سے متعلق امور پر تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے ہسپتال کے مختلف وارڈز، یونٹس اور او پی ڈیز کا دورہ کیا اور وہاں موجود ڈاکٹروں و طبی (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 66)

معیاری طبی خدمات کی فراہمی کے لیے اقدامات جاری ہیں، ڈاکٹر مہردین

بارکھان/رکھنی (خ ن) ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز، کوہ سلیمان ڈویژن رکھنی ڈاکٹر مہردین کھیتران نے 27 اکتوبر 2026 کو بنیادی مرکز صحت (BHU) رکھنی کا اچانک دورہ کیا اور مرکز میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، عملے کی حاضری اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران انہوں نے حفاظتی ٹیکہ جات کے توسیعی پروگرام (EPI)، نیوٹریشن سینٹر اور مدر اینڈ چائلڈ ہیلتھ (MCH) سینٹر کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر متعلقہ ریکارڈ، عملے کی حاضری اور دیگر انتظامی امور کی جانچ پڑتال (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 62)

مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی ڈاکٹر یاسر بلوچ سے ملاقات

موصول ہونے والی ادویات کی کھیپ کی تقسیم سے متعلق رپورٹ طلب

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوادر ڈاکٹر یاسر بلوچ سے ملاقات کی، جس میں ضلع بھر میں صحت عامہ کی سہولیات، ادویات کی دستیابی، طبی عملے کی تعیناتی اور جاری صحت منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ضلع گوادر کے ہسپتالوں کے لیے صوبائی حکومت کی جانب سے حال ہی میں موصول ہونے والی ادویات کی کھیپ کی تقسیم سے متعلق رپورٹ طلب کی اور اس بات پر زور دیا کہ ادویات کی شفاف اور منصفانہ تقسیم یقینی بنائی جائے تاکہ مستحق مریضوں کو (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 67)

اسلحہ لائسنس کی ڈیجیٹلائزیشن کے حوالے سے اسلحہ ڈیلرز کا اجلاس

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت اسلحہ لائسنس کی ڈیجیٹلائزیشن کے حوالے سے اسلحہ ڈیلرز کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد انور کاکڑ، اسسٹنٹ کمشنر صدر محمد یوسف ہاشمی، اسسٹنٹ کمشنر سٹی امیر حمزہ کے علاوہ مختلف اسلحہ ڈیلرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں اسلحہ ڈیلرشپ کے کمپیوٹرائزڈ لائسنس، ڈیجیٹلائزیشن، لائسنس کارڈز کے (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 61)

کوئٹہ، شاکو میڈیکل اور رازائٹ کے زیراہتمام بولان میڈیکل کالج میں چھاتی کے سرطان سے متعلق آگاہی سیشن سے بولان میڈیکل کالج کے شعبہ آنکالوجی کے سربراہ ڈاکٹر ہدایت اللہ، بریسٹ سرجن ڈاکٹر مریم سلیم، پبلک ہیلتھ سکول کی پرنسپل ڈاکٹر صفیہ مینگل اور عرشہ منظور احمد خطاب کررہے ہیں

شہریوں کو درپیش مسائل کا بروقت ازالہ یقینی بنانا ہے، علی رضا مگسی

محکموں کے حکام کو عوامی شکایات کے ازالے کے لیے فوری اقدامات کرنے چاہئیں

نصیرآباد (خ ن) صوبائی محتسب اعلیٰ بلوچستان سعادت اللہ خان بازئی کے احکامات کی روشنی میں ریجنل ڈائریکٹر محتسب نصیرآباد ڈویژن علی رضا مگسی کی سربراہی میں ڈسٹرکٹ کونسل ہال ڈیرہ مراد جمالی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نصیرآباد عبدالجلیل سرپرہ، اسسٹنٹ کمشنر بشیر احمد، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایاز جمالی، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سلیم خان ڈومکی، ڈپٹی کنزرویٹر فارسٹ فرید احمد رند سمیت مختلف سرکاری محکموں کے افسران اور نمائندگان نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں شہریوں نے تعلیم، لوکل گورنمنٹ اور (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 68)

درخواست گزار سمتھ کی دادی جیتو بیگم کو پینشن کی رقم 4 لاکھ روپے دلوادی گئی

کوئٹہ (پ ر) درخواست گزار سمتھ نے بتایا کہ ان کے دادا سی ایم ایچ میں ملازم تھے۔ ان کی وفات کے بعد ان کی پینشن ان کی دادی جیتو بیگم کو نہیں مل رہی تھی۔ متعدد بار متعلقہ محکمے کو درخواست دی لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی تاخیر اور عدم توجہی کے خلاف (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 60)

دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشنز جاری ہیں، شاہد رند

آخری دہشت گرد کے خاتمے تک اس عزم میں کوئی کمی نہیں آنے دی جائے گی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں جاری ہیں۔ ضلع کیچ کے علاقے بلیناز، بولیدہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والا ایک دہشت گرد ہلاک کر دیا گیا۔ شاہد رند نے کہا کہ آپریشن کے دوران ہلاک ہونے والے دہشت گرد کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا ہے، جو دہشت گردوں کی سرگرمیوں کے خلاف اہم پیش رفت ہے۔ انہوں (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 47)

بلوچستان ہائی کورٹ کا ہزارہ ٹاؤن اور ہزار گنجی میں پینے کے پانی کی عدم فراہمی کا نوٹس

متعلقہ حکام کو ذاتی طور پر پیش ہونے اور جامع رپورٹ جمع کرانے کا حکم دے دیا

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ہائی کورٹ کا ہزارہ ٹاؤن اور ہزار گنجی میں پینے کے پانی کی عدم فراہمی کا نوٹس، متعلقہ حکام کو ذاتی طور پر پیش ہونے اور جامع رپورٹ جمع کرانے کا حکم چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بینچ نے ہزارہ ٹاؤن، کرخسہ اور ہزار گنجی میں پینے کے پانی کی فراہمی اور نجی ٹیوب ویل مالکان کی مبینہ اجارہ داری سے متعلق آئینی درخواست کی سماعت کرتے ہوئے متعلقہ حکام کی جانب سے عدالتی احکامات پر عمل درآمد میں تاخیر پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ دوران سماعت (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 48)

ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کے لیے شفاف اور یکساں نظام بنایا جائے، جمعیت

بلاجواز تنگ کرنے اور مبینہ طور پر پیسے وصول کرنے کے واقعات تشویشناک ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرست اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مینگل، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی اور حاجی نعمت اللہ اچکزئی نے ایک اخباری بیان میں کہا ہے کہ ٹریفک چالان کے نام پر عوام کی زندگی اجیرن بنانے اور مختلف چوکوں پر مبینہ رشوت ستانی کی شکایات کا فوری نوٹس لیا جائے، ٹریفک پولیس کے ساتھ ٹریفک نظام سے غیر متعلقہ پولیس اہلکاروں (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 49)

ژوب کے علاقے میں پولیس اہلکار کو اغواء کرلیا گیا

ژوب (این این آئی) ژوب کے علاقے میں پولیس اہلکار کو اغواء کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق ژوب کے علاقے (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 46)

کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادرخان کو کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے حوالے سے بریفنگ دی جارہی ہے

بلوچستان کے گرین بیلٹ میں تعمیر و ترقی کا فروغ حکومت کے وژن کا اہم حصہ ہے، سلیم کھوسہ

سرکاری عمارتوں کی تعمیر و مرمت کے منصوبوں کو بھی ترجیحی بنیادوں پر مکمل کروایا جارہا ہے، صوبائی وزیر مواصلات

ذاتی طور پر کڑی نگرانی کریں اور تعمیراتی کاموں کے دوران موقع پر موجود رہ کر اس بات کو یقینی بنائیں، افسران سے بات چیت

صحبت پور (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے گرین بیلٹ میں تعمیر و ترقی کا فروغ حکومت کے وژن کا اہم حصہ ہے، موجودہ حکومت گرین بیلٹ بالخصوص نصیر آباد ڈویژن میں سڑکوں کی تعمیر و مرمت پر خصوصی توجہ دے رہی ہے تاکہ کاشتکاروں کو اپنی زرعی اجناس بروقت اور آسانی کے ساتھ منڈیوں تک پہنچانے میں سہولت میسر آسکے اور زرعی شعبے کو مزید ترقی دی جاسکے، اس کے ساتھ ساتھ تعلیم صحت اور دیگر بنیادی شعبوں میں سرکاری عمارتوں کی تعمیر و مرمت کے منصوبوں کو بھی ترجیحی بنیادوں پر مکمل کروایا جارہا ہے تاکہ عوام ان منصوبوں کے ثمرات سے جلد از جلد مستفید ہوسکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نصیرآباد ڈویژن کے دورے کے موقع پر ضلع صحبت پور (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 35)

پاکستان اپنی اقلیتوں سے بے شمار پیار کرتا ہے، خلیل جارج بھٹو

دہشت گرد ہندوستان ہے جو پاکستان میں حالات کی خرابی کا ذمہ دار ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما، سابق وفاقی و صوبائی وزیر خلیل جارج بھٹو نے بھارت میں رہنے والے دیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو ہندو مذہب اپنانے کے لئے مذہب کی بنیاد پر انسانیت کے خلاف منظم شرمناک مہم چلائی جارہی ہے جو دنیا کیلئے خطرے کا باعث ہے مذہبی تعصب اور نفرت پھیلانے کی کوششوں کا انسانی حقوق کی تنظیمیں نوٹس لیکر اس کے خلاف اقدامات اٹھائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر ثناء انتظار سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 36)

☆☆☆ کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادرخان بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں ☆☆☆

بلوچستان میں پہلی مرتبہ انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو کا انعقاد کیا جارہا ہے، بلال کاکڑ

کاروباری روابط کو فروغ دینے منڈیوں تک رسائی دینے میں اہم کردار ادا کرے گی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ، کاروباری سرگرمیوں میں اضافے اور مقامی مصنوعات کو قومی سطح پر متعارف کرانے کے لیے ایک اہم پیش رفت کے طور پر بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے زیر اہتمام 18 اور 19 نومبر کو صوبے کی تاریخ کی پہلی بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو (2026BITE) منعقد ہوگی۔ ایکسپو میں ملک بھر کی معروف کمپنیوں کے ساتھ ساتھ بلوچستان کے مقامی کاروباری ادارے بھی شرکت کریں گے اور اپنی مصنوعات اور کاروباری صلاحیتوں کو اجاگر کریں گے۔ (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 50)

کھاد حکومت کے مقرر کردہ نرخوں پر فروخت کی جائے، خالد خان

ڈائریکٹوریٹ جنرل زراعت توسیع کو جامع رپورٹ ارسال کی جائے

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی زیر صدارت کھاد کی شفاف ترسیل اور نگرانی کے نظام پر عملدرآمد کے حوالے سے ضلعی سطح کی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں کھاد کی ترسیل، ذخیرہ اندوزی کی روک تھام اور کاشتکاروں کو مقررہ نرخوں پر کھاد کی فراہمی یقینی بنانے سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی اور کھاد کی تقسیم و ترسیل کے نظام کو شفاف بنانے کے لیے مختلف اقدامات پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ کھاد کی نقل و حرکت کو ڈسٹری بیوٹرز اور ہول سیلرز سے لے کر مجاز ڈیلرز (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 51)

حاجی نور محمد خان دومڑ کی چیف کیسکو مرزا اعزاز بیگ سے اہم ملاقات

سنجاوی میں بجلی کی فراہمی سابقہ ٹائم ٹیبل کے مطابق بحال کر دی جائے گی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کمیونٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دومڑ نے چیف کیسکو ایگزیکٹو انجینئر مرزا اعزاز بیگ سے اہم ملاقات کی، جس میں تحصیل سنجاوی میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور بجلی کی فراہمی سے متعلق عوام کو درپیش مشکلات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دومڑ نے سنجاوی میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث عوام کو درپیش مشکلات سے چیف کیسکو کو آگاہ کیا اور مطالبہ کیا کہ علاقے میں بجلی کی فراہمی کو سابقہ ٹائم ٹیبل کے مطابق بحال کیا جائے تاکہ (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 52)

پاکستان پیپلز پارٹی رہنما سابق صوبائی وزیر میر نصیب اللہ مری، قبائلی عمائدین کے ہمراہ پریس کانفرنس کررہے ہیں

حب میں قتل کیس میں دو ملزمان کو سزائے موت، خاتون ملزمہ کو عمر قید کی سزا

حب (این این آئی) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج 2 عبدالباسط رئیس کی عدالت نے پولیس اسٹیشن بیروٹ حب میں درج ایف آئی آر نمبر 06/2025 دفعہ 302 تعزیرات پاکستان کے قتل کیس کا فیصلہ سناتے ہوئے جرم ثابت ہونے پر دو ملزمان شہزاد علی اور سردار علی پسران خان محمد کو سزائے موت سنادی۔ عدالت نے دونوں ملزمان کو مقتولین عزیز اللہ اور عطا محمد کے لواحقین کو بطور دیت پانچ، پانچ لاکھ روپے ادا کرنے کا حکم دیا، جبکہ پچاس ہزار روپے جرمانے کی سزا بھی سنائی۔ اسی مقدمے میں (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 45)

ایم پی اے زرک خان مندوخیل کی جانب سے طلبہ میں یونیفارم تقسیم

کوئٹہ (این این آئی) رکن بلوچستان اسمبلی زرک خان مندوخیل نے گورنمنٹ بوائز پرائمری اسپیشل اسکول گردت سنگھ روڈ میں طلبہ کے درمیان اسکول یونیفارم تقسیم کیے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ یونیفارم حاصل کرنے پر بچوں کے چہروں پر خوشی دیکھ کر انہیں دلی مسرت ہوئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بچوں کی ضروریات پوری کرنے کے لیے وہ ہر وقت دستیاب رہیں گے (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 44)

ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کا چمن شہر کا تفصیلی دورہ

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے آج چمن شہر کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس دوران انہوں نے شہر میں صفائی ستھرائی، سڑکوں کی کلیئرنس، ٹریفک کی روانی اور دیگر مجموعی انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو شہر کی صفائی مزید بہتر بنانے، سڑکوں اور شاہراہوں سے تجاوزات و رکاوٹیں فوری طور پر ہٹانے، نکاسی آب کے نظام کو مؤثر بنانے (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 43)

مائنز ویلفیئر سکولوں کو محکمہ تعلیم کے حوالے کرنے کا فیصلہ واپس لیا جائے، سیف اللہ خان

ملازمین کے روزگار، معاشی تحفظ اور پیشہ ورانہ حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) یونائیٹڈ منرلز کمپنی ایمپلائز یونین کے صدر سیف اللہ خان نے مائنز ویلفیئر سکولوں کو محکمہ تعلیم کے حوالے کرنے کے فیصلے کی شدید مذمت کرتے ہوئے صوبائی وزیر تعلیم، صوبائی وزیر معدنیات اور سیکرٹری معدنیات سے مطالبہ کیا ہے کہ مذکورہ فیصلہ فوری طور پر واپس لیا جائے اور مائنز ویلفیئر سکولوں کے اساتذہ سمیت تمام ملازمین کے روزگار، معاشی تحفظ اور پیشہ ورانہ حقوق کو یقینی بنایا جائے۔ گزشتہ روز صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے سیف اللہ خان نے کہا کہ مائنز ویلفیئر سکولوں کو محکمہ تعلیم کے حوالے کرنے کے فیصلے سے وہاں خدمات انجام دینے (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 37)

قومی یکجہتی اور عوامی مفادات کو ترجیح دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، مولانا عبدالواسع

مولانا فضل الرحمٰن کی سیاسی بصیرت ملک کو بحرانوں سے نکال سکتی ہے، آغا محمود شاہ

قلعہ سیف اللہ/لورالائی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر حضرت مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کی سیاسی بصیرت، قومی معاملات پر مدلل مؤقف اور عوامی امنگوں کی ترجمانی ملک کو موجودہ بحرانوں سے نکالنے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ گزشتہ روز قومی اسمبلی میں ان کی بصیرت افروز تقریر قابل ستائش ہے، جس میں انہوں نے قومی مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے حکومت اور اپوزیشن دونوں کو میثاق کی جانب متوجہ کیا۔ ملک کو سیاسی استحکام اور ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے تمام سیاسی قوتوں کو (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 38)



کوئٹہ، صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی سے رکن صوبائی اسمبلی میر ظفر اللہ زہری ملاقات کررہے ہیں، سیکرٹری آبپاشی سہیل الرحمٰن بلوچ بھی موجود ہیں

عوامی حقوق کے تحفظ پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، میر نصیب اللہ مری

کوہلو کسی فرد، خاندان یا گروہ کی ذاتی جاگیر نہیں ہے، پریس کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما، سابق صوبائی وزیر میر نصیب اللہ مری نے کہا ہے کہ کوہلو کسی فرد، خاندان یا گروہ کی ذاتی جاگیر نہیں کہ یہاں کے وسائل، ترقیاتی منصوبوں اور عوام کے مستقبل کے فیصلے چند مخصوص افراد کی مرضی سے کیے جائیں۔ کوہلو کے وسائل، ترقی اور مستقبل پر سب سے پہلا حق یہاں کے عوام کا ہے، اور عوامی حقوق کے تحفظ پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں عبدالشکور مری سمیت دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ میر نصیب اللہ مری نے کہا کہ میں (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 39)

بلوچستان کی ترقی کا مدار مضبوط، شفاف اور فعال ٹیکس نظام پر ہے، شکیل قادر خان

ڈیجیٹائزیشن کے ذریعے نہ صرف ٹیکس چوری کا سدباب ہو بلکہ عام شہری اور ٹیکس دہندگان کے لیے بھی آسانیاں پیدا ہوں

تمام متعلقہ افسران اپنی ذمہ داریاں مکمل پیشہ ورانہ مہارت اور ایمانداری سے ادا کریں، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت صوبائی مالیاتی امور اور ٹیکس نظام کی بہتری کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کی کارکردگی، ادارے میں اصلاحات اور ڈیجیٹائزیشن کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر سیکرٹری فنانس جہانگیر خان نے بی آر اے کو درپیش چیلنجز اور نظام کو عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ایک جامع بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں نشاندہی کی گئی کہ ادارے کی کارکردگی کو مؤثر بنانے کے لیے واضح قوانین، باصلاحیت و جوابدہ قیادت، مضبوط تنظیمی ڈھانچہ اور ماہر عملہ انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے صوبے میں ٹیکس کلیکشن کے نظام کو شفاف اور تیز تر بنانے کی سخت ہدایت کی۔ انہوں نے زور (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 59)

جماعت اسلامی کے جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ و دیگر ذمہ داران پریس کانفرنس کررہے ہیں

عملی سرگرمیوں سے طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں اور سائنسی تصورات کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے، نعیم کچکی

تربت (خ ن) گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول چاہسر میں طلبہ میں سائنسی شعور، تخلیقی سوچ اور عملی صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لیے سائنسی نمائش کا انعقاد کیا گیا، جس میں فزکس، کیمسٹری اور بائیولوجی کے تقریباً 36 سائنسی پروجیکٹس پیش کیے گئے۔ نمائش میں طلبہ نے اپنے تیار کردہ سائنسی ماڈلز مہمانوں کے سامنے پیش کیے اور ان کے طریقہ کار اور افادیت کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈویژنل ڈائریکٹر (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 58)

جامعہ گوادر میں ڈیجیٹلائزیشن اور آٹومیشن کمیٹی کا پہلا اجلاس

شفافیت، کارکردگی اور خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانے پر غور کیا گیا

گوادر (خ ن) جامعہ گوادر میں ڈیجیٹلائزیشن اور آٹومیشن کمیٹی کا پہلا اجلاس فیکلٹی آف سائنس، انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے ڈین کے دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ڈاکٹر محب اللہ، ڈین فیکلٹی آف سائنس، انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی نے کی۔ اجلاس میں جامعہ کے تعلیمی اور انتظامی امور کو ڈیجیٹل اور خودکار بنانے، شفافیت، کارکردگی اور خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانے پر غور کیا گیا۔ اس سلسلے میں مالیاتی امور، انسانی وسائل کے انتظام، طلبہ کے معلوماتی نظام، خریداری، اثاثہ جات و انوینٹری کے انتظام اور تنخواہوں کے نظام کو ڈیجیٹلائز کرنے (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 69)

جامعہ تربت میں ایم ایس اسکالر محمد یوسف مجاہد بلوچ کا اپنے تھیسس کا کامیاب دفاع

تربت (این این آئی) جامعہ تربت کے شعبہ مینجمنٹ سائنسز کے ایم ایس اسکالر محمد یوسف مجاہد بلوچ نے اپنے ایم ایس تھیسس کا کامیابی سے دفاع کیا۔ یہ تحقیقی مقالہ جامعہ تربت کے شعبہ مینجمنٹ سائنسز کے اسسٹنٹ پروفیسر اور کوالٹی انہانسمنٹ سیل کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ریاض احمد کی زیر نگرانی مکمل کیا گیا۔ زبانی امتحان کے لیے جامعہ گوادر کے شعبہ مینجمنٹ سائنسز کے لیکچرر (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 57)

"انٹرپرینیورشپ اور کاروباری حکمتِ عملی" کے عنوان پر آن لائن سیشن

جدید آئیڈیاز تخلیق کرنے اور انہیں کاروباری منصوبوں میں تبدیل کرنے کے بارے میں آگاہی

تربت (خ ن) جامعہ تربت کے شعبہ مینجمنٹ سائنسز نے اپنی آن لائن سیشنز کی سیریز کو جاری رکھتے ہوئے "انٹرپرینیورشپ اور کاروباری حکمتِ عملی" کے عنوان پر ایک آن لائن سیشن منعقد کیا۔ اس سیشن کا مقصد انٹرپرینیورشپ، مارکیٹنگ اور برانڈنگ کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے علاوہ کلاس روم کی تعلیم اور عملی کاروباری دنیا کے درمیان خلا کو کم کرنا تھا۔ سیشن سے شعبے کے چیئرمین اور انٹرپرینیورشپ کے کورس انسٹرکٹر ڈاکٹر غلام جان، ماسٹر ٹرینیز ڈاکٹر شاہد قریشی، چمن ڈرائی فروٹس کے سی ای او محمد احمد اور گفٹنگ کمپنی کے سی ای او ثنا رموی نے خطاب کیا۔ مقررین نے مارکیٹنگ کی حکمت عملی، انٹرپرینیورشپ اور مؤثر برانڈنگ پر گفتگو کی۔ انہوں نے طلبہ کو کاروبار شروع کرنے، چیلنجز سے نمٹنے، جدید آئیڈیاز تخلیق کرنے اور انہیں کاروباری منصوبوں میں (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 70)

گوادر میں مسلح افراد کی فائرنگ سے مکینک جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) گوادر میں مسلح افراد کی فائرنگ سے مکینک جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ شب گوادر کے علاقے ڈھور گھٹی میں نامعلوم مسلح افراد نے گیراج پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں گاڑیوں کا مکینک رانا محمد احمد جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق مقتول کا تعلق لاہور سے بتایا جاتا ہے۔ پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاش آبائی علاقے روانہ کردی گئی۔

حکومت عوام کو صحت کی جدید سہولیات فراہم کرنے کیلئے اقدامات کررہی ہے، بخت محمد کاکڑ

اوتھل میں یونیسیف کے تعاون سے تیار کردہ صوبائی ڈرائی اسٹوریج ویئر ہاؤس اور 250 کلوواٹ سولر پاور سسٹم کا افتتاح

لسبیلہ میں ایک ہفتے کے اندر ڈائیلسز سینٹر کا افتتاح کیا جائے گا، جس سے لسبیلہ کی عوام کو صحت کی سہولت بہترین انداز میں میسر ہوگی

اوتھل (این این آئی) صوبائی وزیر صحت بلوچستان میر بخت محمد کاکڑ اور سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمان پانیزئی نے کہا کہ موجودہ حکومت عوام کو صحت کی جدید سہولیات فراہم کرنے کے لیے اہم اقدامات کررہی ہے اور اس کے اچھے نتائج نکلے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے لسبیلہ ڈویژن کے ہیڈکوارٹر اوتھل میں یونیسیف کے تعاون سے تیار کردہ صوبائی ڈرائی اسٹوریج ویئر ہاؤس اور 250 کلوواٹ سولر پاور سسٹم کا افتتاح کے موقع پر کیا۔ افتتاحی تقریب میں کمشنر قلات ڈویژن سائرہ عطاء، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ اور ڈی ایچ او لسبیلہ ڈاکٹر سید فرید اللہ شاہ ہاشمی نے شرکت کی۔ اس موقع پر ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج کریم بلوچ، پی پی ایچ آئی کے ڈائریکٹر ڈاکٹر منصور، ایم ایس سول اسپتال اوتھل ڈاکٹر اویس واجد سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ اس (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 40)

چمن، محکمہ صحت اور پولیو پروگرام کے افسران کا تفصیلی اجلاس

تمام متعلقہ افسران اپنی ذمہ داریاں پوری تندہی اور سنجیدگی سے انجام دیں، حبیب احمد

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت ان کے دفتر میں محکمہ صحت اور پولیو پروگرام کے افسران کا ایک تفصیلی اجلاس منعقد ہوا، جس میں نومبر میں شروع ہونے والی آئندہ انسدادِ پولیو مہم کی تیاریوں، سکیورٹی انتظامات اور دیگر متعلقہ امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ضلع چمن کے پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے، مہم کے مؤثر انعقاد، ٹیموں کی بروقت تشکیل، تربیت، مائیکرو پلاننگ اور سکیورٹی سمیت مختلف امور پر غور و خوض کیا گیا۔ اس موقع پر مہم کی کامیابی کے لیے محکمہ صحت، پولیو پروگرام اور متعلقہ اداروں (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 53)

عبدالقیوم محمد حسنی کا گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول نوحصار کوئٹہ کا دورہ

دورے کے دوران خواتین کے لیے جاری فنی تربیتی پروگرامز خصوصی توجہ کا مرکز رہے

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر پنجپائی عبدالقیوم محمد حسنی نے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول نوحصار کوئٹہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تعلیمی سرگرمیوں، تدریسی عمل، اساتذہ اور دیگر عملے کی حاضری، سرکاری ریکارڈ، انتظامی امور اور خواتین کے لیے جاری فنی تربیتی پروگرامز کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر عبدالقیوم محمد حسنی نے اسکول کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور وہاں جاری تدریسی سرگرمیوں کا مشاہدہ کیا۔ انہوں نے اساتذہ اور عملے کی حاضری، پابندی وقت اور سرکاری فرائض کی انجام (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 54)

شیر خوار بچوں کی شرح اموات میں کمی ایک بڑا چیلنج ہے، ڈاکٹر آصف شاہوانی

پسماندہ علاقوں میں مڈوائفری سروسز کا کردار انتہائی اہم ہے، ورکشاپ سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) اقوام متحدہ کے ادارہ برائے بہبودِ آبادی (یو این ایف پی اے)، رہنما فیملی پلاننگ ایسوسی ایشن آف پاکستان اور محکمہ صحت بلوچستان کے ایم این سی ایچ پروگرام کے اشتراک سے بلوچستان میں مڈوائفری کے شعبے میں سرمایہ کاری سے متعلق ایک روزہ مشاورتی ورکشاپ منعقد ہوئی۔ ورکشاپ کی صدارت ڈائریکٹر پبلک ہیلتھ ڈاکٹر آصف شاہوانی نے کی، جبکہ ایم این سی ایچ پروگرام کی صوبائی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر گل سبین اعظم اور یو این ایف پی اے کی صوبائی سربراہ سعدیہ عطا نے مشترکہ طور پر ورکشاپ کی معاون صدارت کی۔ ورکشاپ کا بنیادی مقصد مڈوائفری کے شعبے میں سرمایہ کاری بڑھانے، تربیت یافتہ افرادی قوت کی دستیابی، صحت کی (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 55)

ترکیہ کے یومِ جمہوریہ پر ترک قیادت اور عوام کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار

اپنائیت کا رشتہ دونوں برادر ممالک کو ایک دوسرے کے قریب رکھتا ہے، سیدال خان

کوئٹہ / اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے ترکیہ کے یومِ جمہوریہ کے موقع پر ترک صدر رجب طیب اردوان، ترک پارلیمان، حکومت اور عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دن ترک قوم کی جمہوری جدوجہد، قومی عزم اور ترقی کے لیے غیر متزلزل وابستگی کی عکاسی کرتا ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے مابین تعلقات اخوت، باہمی احترام، اعتماد اور مشترکہ اقدار کی مضبوط بنیادوں پر استوار ہیں۔ دونوں ممالک نے ہمیشہ مشکل حالات میں ایک دوسرے کا (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 56)

کوئٹہ، سیف کوئٹہ کے نمائندے جمشید دوتانی، عبدالغفور مدنی اور دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

بلوچستان کے 31 ضلعی امراء کا تقرر نامہ جاری کر دیا ہے، مرتضیٰ خان کاکڑ

ایک ماہ تک الیکشن کا عمل جاری رہا، ہمارے الیکشن میں کہیں گروپ بندی، لڑائی یا پوسٹر بازی نہیں ہوئی

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کے 31 ضلعی امراء کا تقرر نامہ جاری کر دیا ہے جس کا مقصد دیگر سیاسی، مذہبی جماعتوں میں انٹر پارٹی انتخابات برائے نام کیے جاتے ہیں جماعت اسلامی نے ہمیشہ صاف اور شفاف جمہوری طریقے سے اپنے عہدیداروں کا انتخاب کرتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ 31 اکتوبر کو تمام امراء کی مدت ختم، یکم نومبر سے نئے امراء ذمہ داریاں (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 41)

دالبندین کے سرکاری اسکول کی سائنس لیب میں بیکر پھٹنے سے 10 طلباء زخمی

چاغی (آن لائن) دالبندین کے سرکاری اسکول کی سائنس لیب میں بیکر پھٹنے سے 10 طلباء زخمی سرکاری اسکول کی سائنس لیب میں پریکٹیکل کے دوران بیکر پھٹنے سے 10 طلباء زخمی ہوگئے۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق سائنس ٹیچر طلباء کو کیمیائی مادوں اور آکسیجن سے متعلق پریکٹیکل کروار ہے تھے کہ اس دوران بیکر پھٹ گیا، جس کے نتیجے میں استاد سمیت 10 طلباء زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کو فوری طور پر مقامی ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی گئی۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق تمام زخمیوں کی حالت خطرے سے باہر ہے اور ابتدائی طبی امداد کے بعد انہیں ڈسچارج کردیا گیا۔ واقعے کی مزید تحقیقات مقامی انتظامیہ کی جانب سے کی جارہی ہیں۔

دکی، باراتیوں کی گاڑی الٹنے سے تین بچیاں جاں بحق 18 افراد زخمی

کوئٹہ (این این آئی) دکی کے علاقے میں باراتیوں کی گاڑی الٹنے سے تین بچیاں جاں بحق 18 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق جمعرات کو دکی کے علاقے رباط میں منڈے تک کے مقام پر باراتیوں کی پک اپ گاڑی الٹ گئی جس کے نتیجے میں تین کمسن بچیاں جاں بحق جبکہ 18 افراد زخمی ہوگئے۔ واقعہ کے بعد لاشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں سے 8 شدید زخمیوں کو لورالائی ریفر کر دیا گیا جن میں سے 2 کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔ مزید کاروائی جاری ہے۔

حب شہر میں پانی کی قلت کے پیشِ نظر ضلع سے باہر پانی کی ترسیل پر مکمل پابندی عائد

حکم نامہ فوری طور پر نافذ العمل ہوگا اور قانون کے تحت مقررہ مدت تک برقرار رہے گا۔

حب (آن لائن) اہم صنعتی حب شہر میں پانی کی قلت کے پیشِ نظر ضلع سے باہر پانی کی ترسیل پر مکمل پابندی عائد کردی گئی ہے۔ ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد خان تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد خان دفتر سے جاری کردہ ایک نوٹیفکیشن کے مطابق حب شہر بھر میں دفعہ 144 کے تحت حکم نامہ جاری کردیا گیا ہے پانی کی نقل وحمل کے تمام سابقہ این او سیز اور اجازت نامے منسوخ کردیے گئے ہیں ضلع حب میں پانی کی شدید قلت کے پیشِ نظر ڈپٹی کمشنر حب نے دفعہ 144 ضابطہ فوجداری کے تحت ضلع سے باہر پانی کی ترسیل، فراہمی اور نقل وحمل پر مکمل پابندی عائد کردی (باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 42)

جیم خانہ کے رہائشی وقاس چوہان و دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

پرنٹر و پبلشر وسیم احمد نے اولس پرنٹرز یونیورسل کمپلیکس کالون روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر
"روزنامہ عوام"
302 یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
ای میل ایڈریس
dailyawamqta@gmail.com
فون نمبر: 2832244 فیکس نمبر 2832255

کوئٹہ، سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے انتخابات کے موقع پر پریذائڈنگ آفیسر جارن دشتی، نادر چھلگری، میر عطاء اللہ لانگو کی نگرانی میں سابق چیف جسٹس امان یاسین زئی، علی احمد کرد، امان اللہ کنرانی، عبداللہ خان، نصیر بنگلزئی، سلیم اختر، راجہ جواد اور دیگر وکلاء اپنا ووٹ کاسٹ کررہے ہیں